DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

مورخہ 01.05.2025

| نمبر شمار | اہم قومی ومقامی خبریں | اخبارات |
|---|---|---|
| 01 | لیبرڈے محنت کشوں کی اہمیت کو اجاگر کرتا ہے، گورنر، وزیر اعلیٰ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 02 | ملک دفاع محفوظ ہاتھوں میں پاکستان کی سالمیت کیلئے ہر حد تک جائینگے، سرفراز بگٹی | جنگ ودیگر اخبارات |
| 03 | ترقی اور خوشحالی محنت کش طبقے کی بدولت ممکن ہوئی، شعیب نوشیروانی | انتخاب ودیگر اخبارات |
| 04 | حکومت محنت کشوں کی خوشحالی کیلئے پرعزم ہے، نور محمد دمڑ | مشرق ودیگر اخبارات |
| 05 | یکم مئی حکومت کشوں کیساتھ کھڑی ہے، سردار کھیتران | جنگ ودیگر اخبارات |
| 06 | محنت کشوں کے سماجی تحفظ کیلئے اقدامات کررہے ہیں، صادق عمرانی | مشرق ودیگر اخبارات |
| 07 | بلوچستان کی صنعتوں کے مسائل کا حل یقینی بنائیں گے، ہارون اختر جان | جنگ ودیگر اخبارات |
| 08 | پاکستانی اپنی دھرتی کا دفاع کرنا جانتے ہیں، بخت محمد کاکڑ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 09 | اداروں کو زیادہ موثر شفاف اور جوابدہ بنانے کیلئے اصلاحات ناگزیر ہیں، چیف سیکرٹری | جنگ ودیگر اخبارات |
| 10 | بی ایف اے فوڈ سیفٹی کلچر کے فروغ کیلئے پرعزم ہیں، ترجمان | جنگ ودیگر اخبارات |
| 11 | ضلعی انتظامیہ کوئٹہ کے عوام کو ریلیف فراہم کرنے کیلئے کوشاں ہیں، ڈی سی | جنگ ودیگر اخبارات |
| 12 | بی سی صوبے میں قیام امن کیلئے ہمہ وقت مستعد رہتی ہے، ڈپٹی کمانڈنٹ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 13 | نیا NFC ایوارڈ، سندھ، بلوچستان کے ٹیکنوکریٹ ممبر نامزد | جنگ ودیگر اخبارات |
| 14 | پاکستان اپنے قومی مفادات کے تحفظ کیلئے کسی قربانی سے دریغ نہیں کرے گا، بلوچستان اسمبلی | جنگ ودیگر اخبارات |
| 15 | محنت کش طبقہ سیاسی ومعاشی مشکلات کا شکار ہے، نیشنل پارٹی | جنگ ودیگر اخبارات |
| 16 | متفق ومتحد ہوئے بغیر سنگین مسائل سے جان خلاصی ممکن نہیں، سیاسی جماعتیں | جنگ ودیگر اخبارات |
| 17 | محنت کشوں انسان مشکلات سے دوچار ہو چکا ہے، پشتونخوامیپ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 18 | نوشکی میں فورسز حملے کی سازش دہلی میں ہوئی گرفتار دہشتگرد کے انکشافات | جنگ ودیگر اخبارات |
| 19 | رکن اسمبلی طورا تما خیل کی ہدایت پر پاکستان زندہ باد ریلی نکالی گئی | جنگ ودیگر اخبارات |

## امن وامان:

بوستان زیادتی کے بعد بچے کو قتل کرنے والا ملزم گرفتار، اعتراف جرم کرلیا، کوئٹہ گاڑیاں چھیننے والے گروہ کے سرغنہ سمیت دو ملزمان گرفتار، اساتذہ بھرتی کا جھانسہ جعلی فاؤنڈیشن کے چیئرمین سمیت تین افراد گرفتار، ڈیرہ اللہ یار دو مختلف واقعات وحادثات میں دو افراد ہلاک

## مسائل:

تندور ایسوسی ایشن نے ہڑتال 10 دن کیلئے موخر کردی، فیڈرل لیویز ملازمین کمیٹی کا احتجاجی کیمپ لگانے کا اعلان، اخباری صنعت بلوچستان کی ایکشن کمیٹی کا تین مئی سے احتجاجی تحریک کا اعلان،

CamScanner

**DIRECTORATE GENERAL PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان**

مورخہ 01.05.2025

**اداریہ:**

روزنامہ انتخاب حب کوئٹہ نے "**تیل بردار گاڑیاں، چلتی پھرتی موت کا سامان**" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے کہ نوشکی میں تیل بردار ٹرک میں آگ لگنے سے ڈرائیور جاں بحق جبکہ درجنوں افراز زخمی ہو گئے حادثے کی وجہ ٹرک اڈے پر ٹینکی میں مرمت کا کام بتایا جا رہا ہے ٹینکی کو ویلڈ کیا جا رہا تھا کہ ٹینکی زوردھماکے سے پھٹ گئی اس سے چند روز قبل بھی ایک تیل بردار ٹرک میں آگ سے 28 سے زائد افراد زخمی ہو گئے تھے۔ بلوچستان میں ایسے واقعات ہونا اب معمول کی بات بنا دیا گیا ہے نہ تو حکومت اس حوالے سے کوئی اقدام کرتی نظر آتی ہے اور نہ ہی نجی شعبے کے کرتا دھرتاؤں کو انسانی جانوں کی کوئی پرواہ ہے، غریب عوام روزگار کے چکر میں اپنی زندگیاں ہار رہے ہیں جو انتہائی افسوسناک اور قابل گرفت جرم ہے، حکومت کو اس حوالے سے فوری طور پر ایس او پیز بنا کر تیل کی اسمگلنگ یا قانونی طور پر ترسیلات کے حوالے سے کام کرنیوالے ٹرانسپورٹرز اور ان سے منسلک ملازمین کو قانون پر عملدرآمد کا پابند کرنا چاہیے کیونکہ ویلڈنگ کرنے والے یا دیگر متعلقہ کام کرنے والوں کا اس شعبے سے کوئی تعلق نہیں ہے وہ بے چارے تو بلاوجہ حادثات کا شکار ہو رہے ہیں خاص طور پر ایسی گاڑیاں جن میں مسافر بھی بٹھائے جاتے ہیں، وہ تو اور بھی زیادہ خطرناک ہیں، کیونکہ تیل میں آگ ایک دم بھڑک اٹھتی ہے اور انسانوں کو جان بچانے کا بھی موقع نہیں ملتا۔

**اداریے:**

روزنامہ مشرق کوئٹہ نے "**صوبائی کابینہ کے اہم فیصلے :مستحکم اور خوشحال بلوچستان کی بنیاد**" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

روزنامہ قدرت کوئٹہ نے "**پاکستان پر لگائے گئے بے بنیاد الزامات کی مذمت کرتے ہیں** " کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

روزنامہ بلوچستان نیوز کوئٹہ نے "**ٹیچنگ ہسپتال تربت ضلع کیچ میں طبی سہولیات کا مرکز**" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

روزنامہ بلوچستان ٹائمز کوئٹہ نے "Tragic Noushki inferno" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے

**مضامین:**

روزنامہ قدرت کوئٹہ نے "**بلوچستان کی معدنی دولت :وعدہ اور خطرہ** " کے عنوان سے قیصر نواب کا مضمون تحریر کیا ہے۔

برائے ڈائریکٹر جنرل
نظامت تعلقات عامہ بلوچستان

CS CamScanner

گورنر وزیر اعلیٰ، وزراء

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 1

Dated: 01 MAY 2025 Page No. 1

## آئندہ بجٹ میں عوام دوست منصوبے شامل کرنے کا ارادہ رکھتے ہیں، گورنر

پائیدار امن و امان کی صورتحال میں کافی بہتری آئی ہے صوبے میں معاشی ترقی اور سیاسی استحکام کو تقویت ملے گی

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا ہے کہ ہم متوازن اور مشاورتی طرز حکمرانی کو یقینی بنانے کیلئے کوشاں ہیں اور عام آدمی کی زندگی میں معاشی آسودگی لانا اشد ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں پائیدار امن و امان کی صورتحال میں کافی بہتری آئی ہے جس سے بلاشبہ صوبے میں معاشی ترقی اور سیاسی استحکام کو تقویت ملے گی۔ یہ پیش رفت ترقی اور خوشحالی کیلئے سازگار ماحول پیدا کرنے کیلئے ہماری اجتماعی لگن کا ثبوت ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں گورنر ہاؤس کوئٹہ میں صوبائی اسمبلی کے اسپیکر کیپٹن (ر) عبدالخالق اچکزئی اور پاکستان مسلم لیگ کے معزز ارکان پارلیمنٹ سے ملاقات کے دوران میں کیا۔ اس موقع پر گورنر جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ سردست ہمیں آنے والے بجٹ سے پہلے کے پری بجٹ ڈائیلاگ اور مشاورت پر بھی توجہ مرکوز کرنے کی ضرورت ہے۔ ہم آئندہ بجٹ میں عوام دوست منصوبے شامل کرنے کا ارادہ رکھتے ہیں جس کے بلوچستان کے عوام کیلئے مثبت نتائج برآمد ہوں گے۔ ہم ملکر کام کرنے اور تعمیری مشاورت میں شامل ہو کر اس بات کو یقینی بنا سکتے ہیں کہ ہمارے بجٹ میں ہمارے لوگوں کی ضروریات اور عوامی تقاضوں کو پورا کیا جائے، باہمی تعاون کے ذریعے معاشی ترقی، سیاسی استحکام اور اچھی حکمرانی کا حصول ممکن بنایا جاسکتا ہے۔

## لیبر ڈے محنت کشوں کی اہمیت کو اجاگر کرتا ہے، گورنر، وزیر اعلیٰ

اسلامی تعلیمات بھی مزدوروں کے ساتھ منصفانہ سلوک پر زور دیتی ہیں، جعفر مندوخیل

### بلوچستان حکومت محنت کشوں کی فلاح و بہبود کیلئے عملی اقدامات اٹھارہی ہے، میر سرفراز بگٹی

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے محنت کشوں کے عالمی دن کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ دنیا کی تعمیر و ترقی میں مزدوروں اور کسانوں کی محنت اور شراکت خراج تحسین کی مستحق ہے انٹرنیشنل لیبر ڈے منانے کا مقصد تمام محنت کشوں اور کسانوں کی اہمیت اور افادیت کو اجاگر کرنا ہے انہیں درپیش چیلنجوں سے نمٹنے کیلئے جامع حکمت عملی تیار کرنا ہے اور ان کی فلاح و بہبود اور ترقی کیلئے تمام بین الاقوامی اور قومی اداروں کو اپنا کردار ادا کرنے کا احساس دلانا ہوگا اسلام کی تعلیمات بھی محنت کشوں کے ساتھ منصفانہ سلوک اور بروقت معاوضہ ادا کرنے کی اہمیت پر زور دیتی ہیں حکومت روزگار کے نئے مواقع اور بنیادی سہولیات فراہم کرنے کیلئے کوشاں ہے۔

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے یوم مزدور پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ یکم مئی محنت کشوں کے حقوق، عزت اور قربانیوں کے اعتراف کا دن ہے یہ دن ہمیں یاد دلاتا ہے کہ ایک خوشحال اور ترقی یافتہ معاشرہ بھی قائم ہو سکتا ہے جب محنت کش طبقے کو عزت، تحفظ اور مساوی مواقع میسر ہوں وزیر اعلیٰ نے کہا کہ بلوچستان حکومت محنت کشوں کی فلاح و بہبود کے لیے ٹھوس اور عملی اقدامات اٹھارہی ہے۔ صوبے میں مزدوروں اور ان کے بچوں کی بہبود کے لیے جاری اقدامات کے مثبت نتائج سامنے آرہے ہیں۔ بلوچستان کی تاریخ میں پہلی بار یہ ممکن ہوا ہے کہ مزدوروں کے بچوں کو ملک کے اعلیٰ تعلیمی اداروں میں تعلیم حاصل کرنے کے مواقع دیے جارہے ہیں۔

MASHRIQ QUETTA



گورنر جعفر خان مندوخیل سے صوبائی وزیر میر شعیب نوشیروانی اور پارلیمانی سیکرٹری برکت علی رند ملاقات کررہے ہیں

## بلوچستان میں امن و امان کی صورتحال کافی بہتر ہوئی ہے، گورنر

صوبے میں متوازن اور مشاورتی طرز حکمرانی کو یقینی بنانے کیلئے کوشاں ہیں

پری بجٹ ڈائیلاگ اور مشاورت پر بھی توجہ مرکوز کرنے کی ضرورت ہے

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ ہم متوازن اور مشاورتی طرز حکمرانی پر یقینی بنانے کیلئے کوشاں ہیں اور عام آدمی کی زندگی میں معاشی آسودگی لانا اشد ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں پائیدار امن و امان کی صورتحال میں کافی بہتری آئی ہے جس سے بلاشبہ صوبے میں معاشی ترقی اور سیاسی.......... بقیہ 23 صفحہ نمبر 7 پر

استحکام کو تقویت ملے گی۔ یہ پیش رفت ترقی اور خوشحالی کیلئے سازگار ماحول پیدا کرنے کیلئے ہماری اجتماعی لگن کا ثبوت ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں گورنر ہاؤس کوئٹہ میں صوبائی اسمبلی بلوچستان کے اسپیکر کیپٹن (ر) عبدالخالق اچکزئی اور پاکستان مسلم لیگ کے معزز اراکین پارلیمنٹ سے ملاقات کے دوران میں کیا۔ اس موقع پر گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ سردست ہمیں آنے والے بجٹ سے پہلے کے پری بجٹ ڈائیلاگ اور مشاورت پر بھی توجہ مرکوز کرنے کی ضرورت ہے۔

## یکم مئی محنت کشوں کے حقوق و قربانیوں کے اعتراف کا دن

چیلنجوں سے نمٹنے کیلئے جامع حکمت عملی تیار کرنا ہوگی، گورنر بلوچستان

مزدوروں کی بہبود کیلئے اقدامات کے مثبت نتائج آرہے ہیں، وزیر اعلیٰ

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے دنیا بھر کے محنت کش طبقہ کے عالمی دن کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ دنیا کی تعمیر و ترقی میں مزدوروں.......... بقیہ 11 صفحہ نمبر 7 پر

اور کسانوں کی محنت اور شراکت خراج تحسین کے مستحق ہیں۔ انٹرنیشنل لیبر ڈے منانے کا مقصد تمام محنت کشوں اور کسانوں کی اہمیت اور افادیت کو اجاگر کرنا ہے، انھیں درپیش چیلنجوں سے نمٹنے کیلئے جامع حکمت عملی تیار کرنا ہے اور ان کی فلاح و بہبود اور ترقی کیلئے متعلقہ تمام بین الاقوامی اور قومی اداروں کو اپنا کردار ادا کرنے کا احساس دلانا ہے۔ دین مبین اسلام کی تعلیمات بھی محنت کشوں کے ساتھ منصفانہ سلوک اور بروقت معاوضہ ادا کرنے کی اہمیت پر زور دیتی ہیں۔ اس ضمن میں جیسا کہ ہم اپنے محنت کش طبقے کو درپیش مشکلات کو تسلیم کرتے ہیں، ہم ترقی اور خوشحالی کے نئے امکانات پیدا کرنے کیلئے موجودہ حکومت اور عوام کے ساتھ ملکر کام کرنے کیلئے پرعزم ہیں۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE
DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
نظامت اعلا
حکومت
Bullet
Page No. 2

THE DAILY JANG QUETTA
روزنامہ جنگ کوئٹہ
بانی میر خلیل الرحمٰن
جلد 54 جمعرات 3 ذیقعدہ 1446ھ یکم مئی 2025ء نمبر 119



کوئٹہ: وزیر اعلیٰ سرفراز بگٹی اسمبلی اجلاس کے بعد میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں

"پاکستان کے ہر شہری کیلئے بلوچستان کے زمینی حقائق جاننا ضروری، حقائق کو توڑ مروڑنے کی بجائے سچائی کو تلاش کرنا اہم ہے"

# ملکی دفاع محفوظ ہاتھوں میں ہیں

# پاکستان کی سالمیت کیلئے ہر حد تک جائینگے، سرفراز بگٹی

سندھ طاس معاہدے کی خلاف ورزی کسی صورت قبول نہیں، بھارت میں پہلگام واقعے کے الزامات بلا ثبوت لگائے، صوبائی اسمبلی اور ورکشاپ سے خطاب

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ پاکستان کی سالمیت کیلئے ہر حد تک جائیں گے ملک کی بقا پر کوئی آنچ نہیں آنے دیں گے بھارت کی کسی بھی جارحیت کو پاکستانی قوم برداشت نہیں کرے گی، پاکستان محفوظ ہاتھوں میں ہے ہمیں مسلح افواج پر فخر ہے، پاکستان نے ہمیشہ امن کو فروغ دیا ہے لیکن جب جنگ مسلط کی گئی تو پاکستانی قوم نے ہمیشہ جارحیت کا جواب زبردست طریقے سے دیا ہے، ہر جارحیت کا جواب بھرپور انداز میں دے کر دشمن کے دانت کھٹے کریں گے۔ سندھ طاس بین الاقوامی معاہدہ ہے جو بیانات سے ختم نہیں ہوگا، معاہدے کی خلاف ورزی کسی صورت قابل قبول نہیں معاہدے کو ختم کرنے جنگ مسلط کرنا ہے اگر بھارت ایسا کرتا ہے تو ہم بھی جنگ سے دریغ نہیں کریں گے۔ یہ بات انہوں نے بدھ کو بلوچستان اسمبلی میں مقبوضہ کشمیر کے علاقے پہلگام میں ہونے والے دہشت گردی کے واقعے میں بھارت کی جانب سے بغیر کسی ثبوت کے پاکستان پر لگائے جانے والے حالیہ بے بنیاد اور من گھڑت الزامات کے خلاف مشترکہ قرارداد پر اظہار خیال کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے پہلگام میں ہونے والے دہشت گردی کے واقعے میں بھارت کی جانب سے بغیر کسی ثبوت کے پاکستان پر لگائے جانے والے بے بنیاد اور من گھڑت الزامات کے خلاف قرارداد کی حمایت کرتے ہوئے کہا کہ پوری بلوچستان اسمبلی اس قرارداد کی حمایت کرتی ہے، جہاں پاکستان کی سالمیت کی بات آئے گی وہاں ہم سب ایک ہیں۔ صوبائی حکومت، بلوچستان کے لوگ یہاں کی اسمبلی جو صوبے کی نمائندگی کرتا ہے اس نے اپنا موقف پیش کر دیا ہے کہ بلوچستان کے لوگ ملک کی سالمیت کے لئے مسلح افواج کے ساتھ ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اس سے پہلے بھی بھارت میں جتنے واقعات ہوئے خاص طور پر کشمیر میں جو ہوا اس کے تانے بانے بھارت کے خفیہ اداروں سے ملتے ہیں۔ بھارتی جارحیت خطے کے امن کیلئے خطرہ ہے اس سے نہ صرف بھارت اور پاکستان متاثر ہوں گے بلکہ دیگر ممالک بھی متاثر ہوں گے، ہمیں بھارتی جارحیت کو پوری دنیا کے سامنے واضح کرنا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ جنگ کوئی اچھی چیز نہیں جب جنگ مسلط ہوتی ہے تو اس کی کوئی حد نہیں رہتی، پاکستان کی سالمیت کیلئے ہر حد تک جائیں گے ملک کی سالمیت پر کوئی آنچ نہیں آنے دیں گے، دنیا کو یہ سوچنا چاہیے اور بھارت کو یہ بتانا چاہیے کہ کسی بھی جارحیت کو پاکستانی قوم برداشت نہیں کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان ہمیشہ سے امن سے محبت کرنا والا ملک رہا ہے اور پاکستان نے ہمیشہ امن کو فروغ دیا ہے لیکن جب جنگ مسلط کی گئی تو پاکستانی قوم نے ہمیشہ جارحیت کا جواب زبردست طریقے سے دیا ہے، پچھلی دفعہ تو چائے پلائی تھی اس دفعہ کچھ اور ہوگا۔

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ تاریخ سے لاعلمی حال کے مسائل کو سمجھنے اور مستقبل کے راستے متعین کرنے میں رکاوٹ کا باعث ثابت ہوتی ہے بلوچستان کے موجودہ حالات کو سمجھنے کے لیے ماضی اور تاریخی تناظر سے آگاہی ضروری ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے کوئٹہ میں پندرہویں نیشنل ورکشاپ بلوچستان کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کیا، وزیر اعلیٰ نے کہا کہ بلوچستان کے حوالے سے جو تاثر ملک کے دیگر حصوں میں پایا جاتا ہے اس میں اور زمینی حقائق میں واضح فرق ہے جسے ہر پاکستانی کو جاننا ہوگا تاریخی حقائق کو توڑ مروڑ کر پیش کرنے کی بجائے ان کی سچائی کو تلاش کرنا اہم ہے میر سرفراز بگٹی نے مثال دیتے ہوئے کہا کہ ماضی میں قلات کے محدود آپریشن کو پورے بلوچستان میں کارروائی کا تاثر دیا گیا حالانکہ ایسا نہیں تھا جیسا کہ رحیم یار خان یا لیاری کے محدود آپریشنز کو بھی پورے پنجاب یا کراچی کا آپریشن نہیں کہا جا سکتا بالکل اسی طرح قلات کے مخصوص علاقے میں محدود مسلح کی کارروائی کو پورے بلوچستان کا آپریشن نہیں کہا جا سکتا، میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ غیر متوازن ترقی صرف بلوچستان نہیں بلکہ پاکستان اور دنیا کے کئی ممالک کا مسئلہ ہے، بلوچستان میں انسرجنسی کی اصل وجہ غیر متوازن ترقی نہیں بلکہ اس کی جڑیں کہیں اور ہیں انہوں نے کہا کہ بیڈ گورننس یا ترقی کی کمی پر حکومت سے شکایت ہو سکتی ہے لیکن اس بنیاد پر ریاست سے ناراضگی یا علیحدگی کا کوئی جواز نہیں میر سرفراز بگٹی نے آئین کے آرٹیکل 5 کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ ریاست سے غیر مشروط وفاداری ہر شہری کا آئینی و اخلاقی فرض ہے انہوں نے کہا کہ دہشت گرد ریاست کو کیک کی طرح کاٹنا چاہتے ہیں اور نوجوانوں کو سوشل میڈیا، پروپیگنڈہ اور مصنوعی بیانات کے ذریعے گمراہ کر رہے ہیں دشمن تو تیں تعلیمی اداروں کے طلبہ کے ذہنوں میں زہر گھول رہی ہیں، جس کا تدارک ہم سب کی ذمہ داری ہے وزیر اعلیٰ بلوچستان نے زور دیا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ صرف ریاست یا فوج کی نہیں بلکہ ہر فرد کی جنگ ہے، چاہے دہشت گردی مذہب کی بنیاد پر ہو یا زبان کی بنیاد پر، وہ قابل مذمت ہے انہوں نے کہا کہ بلوچوں اور پنجابیوں کے درمیان نفرت پیدا کرنے والے دراصل پاکستانیوں کا خون بہا رہے ہیں۔

## مائنز اینڈ منرل ایکٹ پر ارکان اسمبلی کو بحث کا موقع دیا گیا، وزیر اعلیٰ بگٹی

اپوزیشن کو کسی ایشو پر بات کرنی ہے تو ہمارے دروازے کھلے ہیں، اسمبلی میں اظہار خیال

ایکٹ میں بھی آئین کو پامال کیا گیا، اسد بلوچ، اپوزیشن ارکان جمعہ کو آئندہ کا لائحہ عمل طے کریں گے، یونس زہری

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ مائنز اینڈ منرل ایکٹ کے مسودے کے حوالے سے اراکین اسمبلی کو بحث کا موقع دیا گیا، اپوزیشن کو کسی ایشو پر بات کرنی ہے تو ہمارے دروازے کھلے ہیں۔ یہ بات انہوں نے بدھ کو بلوچستان اسمبلی کے اجلاس میں بی این پی (عوامی) کے رکن میر اسد اللہ بلوچ کے ایک سوال کے جواب میں اظہار خیال کرتے ہوئے کہی۔ قبل ازیں بی این پی (عوامی) کے رکن میر اسد اللہ بلوچ نے صوبائی وزیر معدنیات سے دریافت کیا کہ محکمہ معدنیات نے صوبے کے قیام سے لے کر تا حال صوبے کے کن کن اضلاع میں اور صوبے سے باہر کتنے لوگوں کو مختلف اقسام کی معدنیات نکالنے کیلئے زمین الاٹ کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کی معدنیات کسی کے ذاتی نہیں بلکہ صوبے کی ملکیت ہیں، مائنز اینڈ منرل ایکٹ میں ملک کے آئین کو پامال کیا گیا ہے۔ اسلام آباد میں ہونیوالے ایکسپو کے دوران وزیر اعظم نے اعلان کیا کہ دنیا بھر کے سرمایہ کار یہاں آ کر خام مال لے جائیں یہ نہیں کہا کہ یہاں ریفائنریز لگائیں، سینڈک کے بعد چین دنیا کی بڑی معیشت بنی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کی اہمیت یہاں کی معدنیات کی وجہ سے ہے، اگر معدنیات نکالی گئیں تو صوبے کے پاس کچھ نہیں بچے گا۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان اسمبلی سے منظور ہونیوالے مائنز اینڈ منرل ایکٹ کو مسترد کرتے ہیں۔ یہ 1973 کے آئین کی خلاف ورزی ہے جس سے صوبے کو کچھ نہیں ملنے والا۔ صوبائی وزیر سردار عبدالرحمٰن کھیتران نے کہا کہ مائنز اینڈ منرل ایکٹ اس ایوان سے منظور ہوا، اس سے قبل وزیر اعلیٰ بلوچستان اور اپوزیشن جماعتوں کے ارکان کے درمیان اسمبلی لائبریری میں مشاورت بھی ہوئی۔ وزیر اعلیٰ نے مذکورہ بل کو اسمبلی میں پیش کرنے سے قبل قائمہ کمیٹی بھجوانے کا کہا اور قائمہ کمیٹی سے بل ایوان میں پیش کر کے منظور کیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ ہم دنیا بھر کے ممالک اور سرمایہ کاروں کو دعوت دیتے ہیں کہ وہ بلوچستان آئیں اور یہاں سے معدنیات نکالیں کیونکہ اگر صوبے کو ترقی کی راہ پر گامزن کرنا ہے تو کسی پر قدغن نہیں ہونی چاہیے۔ ریکوڈک کی پچاس فیصد رائلٹی بلوچستان کو مل رہی ہے، مقامی لوگوں کو روزگار میسر آیا ہے۔



کوئٹہ: وزیر اعلیٰ سرفراز بگٹی پندرہویں نیشنل ورکشاپ بلوچستان کے شرکاء سے خطاب کر رہے ہیں

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

1

3

Page No.



وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اسمبلی اجلاس میں اظہار خیال کر رہے ہیں

Daily MASHRIQ QUETTA


اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)

روزنامہ مشرق کوئٹہ

چیف ایڈیٹر سید ممتاز احمد

جلد 53 | جمعرات 03 ذیقعد 1446ھ یکم مئی 2025ء صفحات 08 | شمارہ 303

رجسٹرڈ BC-m-1 | Email. mashriqqta2008@gmail.com | PTCL 081-2827345 081-2827344 | قیمت 30 روپے



وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی، جعفر ایکسپریس کے شہداء اور نوشکی حادثے میں جاں بحق افراد کی مغفرت کیلئے فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

# بلوچستان اسمبلی میں بھارتی جارحیت کیخلاف مشترکہ قرارداد متفقہ طور پر منظور

## پاکستان کی سلامتی پر کوئی آنچ نہیں آنے دینگے، وزیراعلیٰ

اینٹ کا جواب پتھر سے دیا جائے گا، یونس عزیز زہری، بھارت سب سے بڑا دہشتگرد ہے، سردار کھیتران، کسی بھی جارحیت کا منہ توڑ جواب دینگے، بخت کاکڑ، پوری قوم فوج کے شانہ بشانہ کھڑی ہے، اراکین

جب بات پاکستان کی سلامتی اور خودمختاری کی ہو تو تمام سیاسی اختلافات پس منظر چلے جاتے ہیں ایسی یکجہتی زندہ قوموں کی پہچان ہوتی ہے، پہلگام واقعہ ایک جعلی کارروائی کا نتیجہ ہے، میر سرفراز بگٹی

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ پہلگام حملے کے بعد پاکستان پر بھارت کی جانب سے عائد کیے گئے الزامات اور اس کی جارحانہ روش کے خلاف بلوچستان اسمبلی میں پیش...... بقیہ 2 صفحہ نمبر 7 پر

کی گئی متفقہ قرارداد کی بھرپور حمایت کرتے ہیں خوشی ہے کہ تمام اپوزیشن اراکین نے قومی سلامتی کے معاملے پر سیاسی اختلافات کو بالائے طاق رکھتے ہوئے اس قرارداد کی حمایت کی ہے یہ بات انہوں نے بدھ کو بلوچستان اسمبلی میں بھارتی جارحیت کے خلاف پیش کی گئی مشترکہ قرارداد پر اظہار خیال کرتے ہوئے کی وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ جب بات پاکستان کی سلامتی اور خودمختاری کی ہو تو تمام سیاسی اختلافات پس منظر میں چلے جاتے ہیں ایسی یکجہتی زندہ قوموں کی پہچان ہوتی ہے پہلگام واقعہ ایک جعلی کارروائی کا نتیجہ ہے جس میں بھارتی حکومت خود ملوث دکھائی دیتی ہے اس سے قبل بھی بھارت میں خصوصاً مقبوضہ کشمیر میں ہونے والے بیشتر واقعات کے تانے بانے بھارتی خفیہ اداروں سے جا ملتے ہیں میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بھارتی جارحیت نہ صرف پاکستان بلکہ پورے خطے کے امن کے لیے ایک سنگین خطرہ ہے یہ ایک خطرناک صورتحال ہے جو پورے خطے کو متاثر کر سکتی ہے ہمیں بھارتی عزائم کو عالمی سطح پر بے نقاب کرنا ہوگا انہوں نے کہا کہ جنگ کسی بھی صورت میں بہتر راستہ نہیں خصوصاً ایسے ممالک کے مابین جو ایٹمی قوت کے حامل ہوں لیکن اگر جنگ مسلط کی جائے تو اس کا انجام کسی کے ہاتھ میں نہیں ہوتا انہوں نے کہا کہ پاکستان کی خودمختاری اور سلامتی کے تحفظ کے لیے ہم ہر ممکن قدم اٹھائیں گے عالمی برادری کو اس صورتحال کا سنجیدگی سے نوٹس لینا چاہیے میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بھارت کو یہ پیغام دینا ہوگا کہ پاکستانی قوم کسی قسم کی جارحیت کو برداشت نہیں کرے گی وزیراعلیٰ نے کہا کہ بلوچستان حکومت عوام اور اسمبلی جو پورے صوبے کی نمائندگی کرتی ہے اپنی افواج پاکستان کے ساتھ شانہ بشانہ کھڑی ہے اگر بھارت نے کسی قسم کی جارحیت کی کوشش کی تو بلوچستان کے عوام اپنی پاک فوج کے ساتھ کھڑے ہوں گے سندھ طاس معاہدے سے متعلق

بھارتی بیانات پر تبصرہ کرتے ہوئے وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ یہ معاہدے بین الاقوامی دو طرفہ معاہدے ہیں جو کسی یکطرفہ بیان سے ختم نہیں ہو سکتے اگر بھارت انہیں ختم کرنا چاہتا ہے تو یہ دراصل جنگ کو دعوت دینے کے مترادف ہوگا پانی کے معاملے پر پاکستانی قوم اسے زندگی اور موت کا مسئلہ سمجھتی ہے اس لئے بلاشبہ سندھ طاس معاہدے کی خلاف ورزی کو جنگ تصور کیا جائے گا اور یہ بین الاقوامی قوانین کی کھلی خلاف ورزی بھی ہوگی جس پر ہم عالمی فورم پر بھی آواز بلند کریں گے انہوں نے کہا کہ پاکستان ہمیشہ ایک پرامن ملک رہا ہے جس نے ہمیشہ امن کو فروغ دینے کی ہر ممکن کوشش کی ہے لیکن اگر جنگ مسلط کی گئی تو ہم اس کا بھرپور اور فیصلہ کن جواب دیں گے

# بلوچستان کے حالات سمجھنے کیلئے ماضی و تاریخی تناظر سے آگاہی ضروری ہے، وزیراعلیٰ

بلوچوں اور پنجابیوں کے درمیان نفرت پیدا کرنے والے دراصل پاکستانیوں کا خون بہا رہے ہیں، میر سرفراز بگٹی

ماضی میں قلات کے محدود آپریشن کو پورے بلوچستان میں کارروائی کا تاثر دیا گیا حالانکہ ایسا نہیں تھا، خطاب

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ تاریخ سے لاعلمی حال کے مسائل کو سمجھنے اور مستقبل کے راستے متعین کرنے میں رکاوٹ کا باعث ثابت ہوتی ہے بلوچستان کے موجودہ حالات کو سمجھنے کے لیے ماضی اور تاریخی تناظر سے آگاہی...... بقیہ 10 صفحہ نمبر 7 پر

ضروری ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے کوئٹہ میں پندرھویں نیشنل ورکشاپ بلوچستان کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کیا، وزیراعلیٰ نے کہا کہ بلوچستان کے حوالے سے جو تاثر ملک کے دیگر حصوں میں پایا جاتا ہے اس میں اور زمینی حقائق میں واضح فرق ہے جسے ہر پاکستانی کو جاننا ہوگا تاریخی حقائق کو توڑ مروڑ کر پیش کرنے کے بجائے ان کی سچائی کو تلاش کرنا اہم ہے میر سرفراز بگٹی نے مثال دیتے ہوئے کہا کہ ماضی میں قلات کے محدود آپریشن کو پورے بلوچستان میں کارروائی کا تاثر دیا گیا حالانکہ ایسا نہیں تھا جیسا کہ رحیم یار خان یا لیاری کے محدود آپریشنز کو کبھی پورے پنجاب یا کراچی کا آپریشن نہیں کہا جا سکتا بالکل اسی طرح قلات کے مخصوص علاقے میں محدود سطح کی کارروائی کو پورے بلوچستان کا آپریشن نہیں کہا جا سکتا۔

CLIPPING SERVICE
DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN
نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان
Bullet No. 1
Page No. 4

روزنامہ ایکسپریس کوئٹہ سنچری
پاکستان کے 11 شہروں سے بیک وقت شائع ہونے والا واحد اخبار
جلد 23 شمارہ 138 | جمعرات، 3 ذیقعد، یکم مئی 2025، صفحات 8 قیمت 40 روپے

# پاکستان محفوظ ہاتھوں میں بھارت جنگ چاہتا ہے تو ہم بھی تیار ہیں، سرفراز بگٹی

سندھ طاس بین الاقوامی معاہدہ، بیانات سے ختم نہیں ہوسکتا، خلاف ورزی کسی صورت قابل قبول نہیں، ملکی بقا، پر آنچ نہیں آنے دینگے

**پاکستان نے ہمیشہ امن کو فروغ دیا، بھارت سن لے قوم کسی بھی قسم کی جارحیت برداشت نہیں کرے گی، وزیراعلیٰ بلوچستان**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ سندھ طاس بین الاقوامی معاہدہ ہے جو بیانات سے ختم نہیں ہوگا، معاہدے کی خلاف ورزی کسی صورت قابل قبول نہیں معاہدے کو ختم کرنا جنگ مسلط کرنا ہے اگر بھارت ایسا کرتا ہے تو ہم بھی جنگ سے (باقی صفحہ 5 نمبر 47)

دریغ نہیں کریں گے، پاکستان کی سالمیت کیلئے ہر حد تک جائیں گے ملک کی بقا پر کوئی آنچ نہیں آنے دیں گے بھارت کی کسی بھی جارحیت کو پاکستانی قوم برداشت نہیں کرے گی، پاکستان محفوظ ہاتھوں میں ہے ہمیں مسلح افواج پر فخر ہے، پاکستان نے ہمیشہ امن کو فروغ دیا ہے لیکن جب جنگ مسلط کی گئی تو پاکستانی قوم نے ہمیشہ جارحیت کا جواب زبردست طریقے سے دیا ہے، ہر جارحیت کا جواب بھرپور انداز میں دے کر دشمن کے دانت کھٹے کریں گے۔ یہ بات انہوں نے بدھ کو بلوچستان اسمبلی میں مقبوضہ کشمیر کے علاقے پہلگام میں ہونے والے دہشت گردی کے واقعے میں بھارت کی جانب سے بغیر کسی ثبوت کے پاکستان پر لگائے جانے والے حالیہ بے بنیاد اور من گھڑت الزامات کے خلاف مشترکہ قرارداد پر اظہار خیال کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے پہلگام میں ہونے والے دہشت گردی کے واقعے میں بھارت کی جانب سے بغیر کسی ثبوت کے پاکستان پر لگائے جانے والے بے بنیاد اور من گھڑت الزامات کے خلاف قرارداد کی حمایت کرتے ہوئے کہا کہ پوری بلوچستان اسمبلی اس قرارداد کی حمایت کرتی ہے، جہاں پاکستان کی سالمیت کی بات آئے گی وہاں ہم سب ایک ہیں۔ صوبائی حکومت، بلوچستان کے لوگ یہاں کی اسمبلی جو صوبے کی نمائندگی کرتا ہے اس نے اپنا موقف پیش کر دیا ہے کہ بلوچستان کے لوگ ملک کی سالمیت کے لئے مسلح افواج کے ساتھ ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اس سے پہلے بھی بھارت میں جتنے واقعات ہوئے خاص طور پر کشمیر میں جو ہوا اس کے تانے بانے بھارت کے خفیہ اداروں سے ملتے ہیں۔ بھارتی جارحیت خطے کے امن کیلئے خطرہ ہے اس سے نہ صرف بھارت اور پاکستان متاثر ہوں گے بلکہ دیگر ممالک بھی متاثر ہوں گے، ہمیں بھارتی جارحیت کو پوری دنیا کے سامنے واضح کرنا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ جنگ کوئی اچھی چیز نہیں جب جنگ مسلط ہوتی ہے تو اس کی کوئی حد نہیں رہتی، پاکستان کی سالمیت کیلئے ہر حد تک جائیں گے ملک کی سالمیت پر کوئی آنچ نہیں آنے دیں گے، دنیا کو یہ سوچنا چاہیے اور بھارت کو یہ بتانا چاہیے کہ کسی بھی جارحیت کو پاکستانی قوم برداشت نہیں کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان ہمیشہ سے امن سے محبت کرنا والا ملک رہا ہے اور پاکستان نے ہمیشہ امن کو فروغ دیا ہے لیکن جب جنگ مسلط کی گئی تو پاکستانی قوم نے ہمیشہ جارحیت کا جواب زبردست طریقے سے دیا ہے، پچھلی دفعہ تو چائے پلائی تھی اس دفعہ کچھ اور ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی تینوں مسلح افواج نے ہر بار یہ ثابت کیا ہے کہ وہ جنگ سے دور رہنا چاہتی ہیں لیکن جب جب جنگ مسلط کی گئی تو اس کا جو جواب دیا گیا وہ شاندار رہا ہے پاکستان محفوظ ہاتھوں میں ہے ہمیں مسلح افواج پر فخر ہے ہر جارحیت کا جواب بھرپور انداز میں دے کر دشمن کے دانت کھٹے کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ سندھ طاس معاہدہ بین الاقوامی معاہدہ ہے یہ بیانات سے ختم نہیں ہوگا پاکستانی قوم اس معاہدے کو اپنی زیست و مرگ کا سمجھتے ہیں، اگر بھارت اس معاہدے کو ختم کرنا چاہتا ہے تو اس کا مطلب وہ جنگ مسلط کرنا چاہتا ہے اگر بھارت ایسا کرتا ہے تو ہم بھی جنگ سے دریغ نہیں کریں گے، اس طرح کے معاہدوں کی خلاف ورزی قابل قبول نہیں۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم پاکستان اور وفاقی حکومت ملکی سالمیت کیلئے جو بھی فیصلہ لیں بلوچستان کے لوگ اور بلوچستان حکومت ان فیصلوں کی تائید کرے گی۔ اس موقع پر انہوں نے وضاحت کرتے ہوئے کہا کہ میں نے بلوچستان اسمبلی کے فلور پر کہا تھا کہ بلوچستان میں بی ایریا کو اے ایریا میں ضم کرنے کے حوالے سے کوئی تجویز نہیں، تاہم میں اپوزیشن کے ساتھیوں کو آن بورڈ لینا چاہتا ہوں کہ بولان میں پیش آنے والے واقعے کے بعد وزیراعظم پاکستان کے دورہ کوئٹہ کے موقع پر بی ایریا کو اے ایریا میں ضم کرنے کی بات ہوئی، حکومت اس پر غور کر رہی ہے، حکومت اس معاملہ کو ایوان میں لائے گی اور اس پر بحث ہوگی۔



وزیراعلیٰ سرفراز بگٹی پندرہویں نیشنل ورکشاپ بلوچستان کے شرکاء سے خطاب کر رہے ہیں



وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی صوبائی اسمبلی اجلاس میں اظہار خیال کر رہے ہیں

DAILY EXPRESS

روزنامہ ایکسپریس کوئٹہ سنچری

پاکستان کے 11 شہروں سے بیک وقت شائع ہونے والا واحد اخبار

THURSDAY, MAY 1, 2025


# دہشتگرد عناصر ریاست کو کیک کی طرح کاٹنا چاہتے ہیں، وزیراعلیٰ

## بلوچستان میں انسرجنسی کی اصل وجہ غیر متوازن ترقی نہیں بلکہ اس کی جڑیں کہیں اور ہیں، سرفراز بگٹی

### ریاست ہر طرح کی سیاست سے بالاتر اور مقدم ہے، پندرہویں نیشنل ورکشاپ کے شرکاء سے خطاب

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ تاریخ سے لاعلمی حال کے مسائل کو سمجھنے اور مستقبل کے راستے متعین کرنے میں رکاوٹ کا باعث ثابت ہوتی ہے بلوچستان کے موجودہ حالات کو سمجھنے کے لیے ماضی اور تاریخی تناظر سے آگاہی ضروری ہے۔ (باقی صفحہ 5 نمبر 50)

ان خیالات کا اظہار انہوں نے کوئٹہ میں پندرہویں نیشنل ورکشاپ بلوچستان کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کیا، وزیراعلیٰ نے کہا کہ بلوچستان کے حوالے سے جو تاثر ملک کے دیگر حصوں میں پایا جاتا ہے اس میں اور زمینی حقائق میں واضح فرق ہے جسے ہر پاکستانی کو جاننا ہوگا تاریخی حقائق کو توڑ مروڑ کر پیش کرنے کے بجائے ان کی سچائی کو تلاش کرنا اہم ہے میر سرفراز بگٹی نے مثال دیتے ہوئے کہا کہ ماضی میں قلات کے محدود آپریشن کو پورے بلوچستان میں کارروائی کا تاثر دیا گیا حالانکہ ایسا نہیں تھا جیسا کہ رحیم یار خان یا لیاری کے محدود آپریشنز کو کبھی پورے پنجاب یا کراچی کا آپریشن نہیں کہا جاسکتا بالکل اسی طرح قلات کے مخصوص علاقے میں محدود سطح کی کارروائی کو پورے بلوچستان کا آپریشن نہیں کہا جاسکتا، میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ غیر متوازن ترقی صرف بلوچستان نہیں بلکہ پاکستان اور دنیا کے کئی ممالک کا مسئلہ ہے، بلوچستان میں انسرجنسی کی اصل وجہ غیر متوازن ترقی نہیں بلکہ اس کی جڑیں کہیں اور ہیں انہوں نے کہا کہ بیڈ گورننس یا ترقی کی کمی پر حکومت سے شکایت ہوسکتی ہے لیکن اس بنیاد پر ریاست سے ناراضگی یا علیحدگی کا کوئی جواز نہیں میر سرفراز بگٹی نے آئین کے آرٹیکل 5 کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ ریاست سے غیر مشروط وفاداری ہر شہری کا آئینی و اخلاقی فرض ہے انہوں نے کہا کہ دہشت گرد ریاست کو کیک کی طرح کاٹنا چاہتے ہیں اور نوجوانوں کو سوشل میڈیا، پروپیگنڈہ اور مصنوعی ذہانت کے ذریعے گمراہ کر رہے ہیں دشمن قوتیں تعلیمی اداروں کے طلبہ کے ذہنوں میں زہر گھول رہی ہیں، جس کا تدارک ہم سب کی ذمہ داری ہے وزیراعلیٰ بلوچستان نے زور دیا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ صرف ریاست یا فوج کی نہیں بلکہ ہر فرد کی جنگ ہے۔ انہوں نے بتایا کہ بینظیر بھٹو اسکالرشپ پروگرام کا آغاز کیا جاچکا ہے جس کے تحت میٹرک سے پی ایچ ڈی تک غریب طلبہ کو اعلیٰ تعلیمی اداروں تک رسائی دی گئی ہے آج بلوچستان کا غریب مزدور بھی اپنے بچے کو انہی اداروں میں تعلیم دلا رہا ہے جہاں صاحب حیثیت افراد کے بچے زیر تعلیم ہیں وزیراعلیٰ نے کہا کہ اقلیتوں، سویلین شہداء کے بچوں اور ٹرانس جینڈر افراد کے لیے بھی خصوصی تعلیمی وظائف مختص کیے گئے ہیں انہوں نے کہا کہ حکومت بلوچستان 30 ہزار نوجوانوں کو ہنرمند بنا کر انہیں بیرون ملک روزگار کے مواقع فراہم کر رہی ہے تاکہ وہ اپنے خاندان اور ملک کی معاشی بہتری میں کردار ادا کرسکیں۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 6

THE DAILY INTEKHAB (Quetta)


روزنامہ انتخاب کوئٹہ

رجسٹرڈ نمبر ایل بی I-4

قیمت 30 روپے ★ صفحات

www.dailyintekhab.PK
Intekhabnews@gmail.com
Quetta Ph:081-2822909

جلد نمبر 32 بروز جمعرات یکم مئی 2025ء بمطابق 3 ذیقعد 1446ھ شمارہ نمبر 119



وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی صوبائی اسمبلی اجلاس میں اظہار خیال کر رہے ہیں

# بلوچستان میں انسرجنسی کی وجہ پسماندگی نہیں جڑیں کہیں اور ہیں، وزیر اعلیٰ

## تاریخ سے لاعلمی حال کے مسائل کو سمجھنے اور مستقبل کے راستے متعین کرنے میں رکاوٹ کا باعث ثابت ہوتی ہے، دہشتگرد ریاست کو کیک کی طرح کاٹنا چاہتے ہیں

## بھارتی جارحیت پورے خطے کے امن کے لئے ایک سنگین خطرہ ہے، بھارتی عزائم کو عالمی سطح پر بے نقاب کرنا ہوگا، نیشنل ورکشاپ کے شرکاء اور اسمبلی سے خطاب

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ تاریخ سے لاعلمی حال کے مسائل کو سمجھنے اور مستقبل کے راستے متعین کرنے میں رکاوٹ کا باعث ثابت ہوتی ہے بلوچستان کے موجودہ حالات کو سمجھنے کے لیے ماضی اور تاریخی تناظر سے آگاہی ضروری ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے کوئٹہ میں پندرھویں نیشنل ورکشاپ بلوچستان کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کیا، وزیر اعلیٰ نے کہا کہ بلوچستان بقیہ نمبر 48 صفحہ 7 پر

کے حوالے سے جو تاثر ملک کے دیگر حصوں میں پایا جاتا ہے اس میں اور زمینی حقائق میں واضح فرق ہے جسے ہر پاکستانی کو جاننا ہوگا تاریخی حقائق کو توڑ مروڑ کر پیش کرنے کے بجائے ان کی سچائی کو تلاش کرنا اہم ہے میر سرفراز بگٹی نے مثال دیتے ہوئے کہا کہ ماضی میں قلات کے محدود آپریشن کو پورے بلوچستان میں کارروائی کا تاثر دیا گیا حالانکہ ایسا نہیں تھا جیسا کہ رحیم یار خان یا لیاری کے محدود آپریشنز کو کبھی پورے پنجاب یا کراچی کا آپریشن نہیں کہا جا سکتا بالکل اسی طرح قلات کے مخصوص علاقے میں محدود سطح کی کارروائی کو پورے بلوچستان کا آپریشن نہیں کہا جا سکتا، میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ غیر متوازن ترقی صرف بلوچستان نہیں بلکہ پاکستان اور دنیا کے کئی ممالک کا مسئلہ ہے، بلوچستان میں انسرجنسی کی اصل وجہ غیر متوازن ترقی نہیں بلکہ اس کی جڑیں کہیں اور ہیں انہوں نے کہا کہ بیڈ گورننس یا ترقی کی کمی پر حکومت سے شکایت ہو سکتی ہے لیکن اس بنیاد پر ریاست سے ناراضگی یا علیحدگی کا کوئی جواز نہیں میر سرفراز بگٹی نے آئین کے آرٹیکل 5 کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ ریاست سے غیر مشروط وفاداری ہر شہری کا آئینی و اخلاقی فرض ہے انہوں نے کہا کہ دہشت گرد ریاست کو کیک کی طرح کاٹنا چاہتے ہیں اور نوجوانوں کو سوشل میڈیا، پروپیگنڈہ اور مصنوعی ذہانت کے ذریعے گمراہ کر رہے ہیں دشمن قوتیں تعلیمی اداروں کے طلبہ کے ذہنوں میں زہر گھول رہے ہیں، جس کا تدارک ہم سب کی ذمہ داری ہے وزیر اعلیٰ بلوچستان نے زور دیا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ صرف ریاست یا فوج کی نہیں بلکہ ہر فرد کی جنگ ہے، چاہے دہشت گردی مذہب کی بنیاد پر ہو یا زبان کی بنیاد پر، وہ قابل مذمت ہے انہوں نے کہا کہ بلوچوں اور پنجابیوں کے درمیان نفرت پیدا کرنے والے دراصل پاکستانیوں کا خون بہا رہے ہیں سمجھنے کی ضرورت ہے کہ کوئی بلوچ کسی پنجابی کو نہیں بلکہ دہشت گرد پاکستانیوں کو شہید کر رہے ہیں ہمیں کنفیوژن سے نکل کر زمینی حقائق اور واضح سوچ کے ساتھ دہشت گردی کا سامنا کرنا ہوگا سچائی اور دیانت پر مبنی بیانیہ ہی ملک کو ترقی کی راہ پر گامزن کر سکتا ہے انہوں نے واضح کیا کہ ریاست ہر طرح کی سیاست سے بالاتر اور مقدم ہے اس لیے ریاست کے مفاد کو ہر مصلحت سے بالاتر رکھنا ہوگا میر سرفراز بگٹی نے گورننس میں بہتری کے حوالے سے بتایا کہ بلوچستان میں پہلی بار محکمہ صحت اور تعلیم میں میرٹ پر بھرتیاں کی گئی ہیں، اور ماضی میں رائج ملازمتوں کی فروخت کا دروازہ بند کر دیا گیا ہے انہوں نے بتایا کہ بینظیر بھٹو اسکالرشپ پروگرام کا آغاز کیا جا چکا ہے جس کے تحت میٹرک سے پی ایچ ڈی تک غریب طلبہ کو اعلیٰ تعلیمی اداروں تک رسائی دی گئی ہے آج بلوچستان کا غریب مزدور بھی اپنے بچے کو انہی اداروں میں تعلیم دلا رہا ہے جہاں صاحب حیثیت افراد کے بچے زیر تعلیم ہیں وزیر اعلیٰ نے کہا کہ اقلیتوں، سویلین شہداء کے بچوں اور ٹرانس جینڈر افراد کے لیے بھی خصوصی تعلیمی وظائف مختص کیے گئے ہیں انہوں نے کہا کہ حکومت بلوچستان 30 ہزار نوجوانوں کو ہنر مند بنا کر انہیں بیرون ملک روزگار کے مواقع فراہم کر رہی ہے تاکہ وہ اپنے خاندان اور ملک کی معاشی بہتری میں کردار ادا کر سکیں۔

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ پہلگام حملے کے بعد پاکستان پر بھارت کی جانب سے عائد کیے گئے الزامات اور اس کی جارحانہ روش کے خلاف بلوچستان اسمبلی میں پیش کی گئی متفقہ قرارداد کی بھرپور حمایت کرتے ہیں خوشی ہے کہ تمام اپوزیشن اراکین نے قومی سلامتی کے معاملے پر سیاسی اختلافات کو بالائے طاق رکھتے ہوئے اس قرارداد کی حمایت کی ہے یہ بات بقیہ نمبر 49 صفحہ 5 پر

انہوں نے بدھ کو بلوچستان اسمبلی میں بھارتی جارحیت کے خلاف پیش کی گئی مشترکہ قرارداد پر اظہار خیال کرتے ہوئے کی وزیر اعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ جب بات پاکستان کی سلامتی اور خودمختاری کی ہو تو تمام سیاسی اختلافات پس منظر میں چلے جاتے ہیں ایسی یکجہتی زندہ قوموں کی پہچان ہوتی ہے پہلگام واقعہ ایک جعلی کارروائی کا نتیجہ ہے جس میں بھارتی حکومت خود ملوث دکھائی دیتی ہے اس سے قبل بھی بھارت میں خصوصاً مقبوضہ کشمیر میں ہونے والے بیشتر واقعات کے تانے بانے بھارتی خفیہ اداروں سے جا ملتے ہیں میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بھارتی جارحیت نہ صرف پاکستان بلکہ پورے خطے کے امن کے لیے ایک سنگین خطرہ ہے یہ ایک خطرناک صورتحال ہے جو پورے خطے کو متاثر کر سکتی ہے ہمیں بھارتی عزائم کو عالمی سطح پر بے نقاب کرنا ہوگا انہوں نے کہا کہ جنگ کسی بھی صورت میں بہتر راستہ نہیں خصوصاً ایسے ممالک کے مابین جو ایٹمی قوت کے حامل ہوں لیکن اگر جنگ مسلط کی جائے تو اس کا انجام کسی کے ہاتھ میں نہیں ہوتا انہوں نے کہا کہ پاکستان کی خودمختاری اور سلامتی کے تحفظ کے لیے ہم ہر ممکن قدم اٹھائیں گے عالمی برادری کو اس صورتحال کا سنجیدگی سے نوٹس لینا چاہیے میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بھارت کو یہ پیغام دینا ہوگا کہ پاکستانی قوم کسی قسم کی جارحیت کو برداشت نہیں کرے گی وزیر اعلیٰ نے کہا کہ بلوچستان حکومت عوام اور اسمبلی جو پورے صوبے کی نمائندگی کرتی ہے اپنی افواج پاکستان کے ساتھ شانہ بشانہ کھڑی ہے اگر بھارت نے کسی قسم کی جارحیت کی کوشش کی تو بلوچستان کے عوام اپنی پاک فوج کے ساتھ کھڑے ہوں گے سندھ طاس معاہدے سے متعلق بھارتی بیانات پر تبصرہ کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ یہ معاہدے بین الاقوامی دو طرفہ معاہدے ہیں جو کسی یکطرفہ بیان سے ختم نہیں ہو سکتے اگر بھارت انہیں ختم کرنا چاہتا ہے تو یہ دراصل جنگ کو دعوت دینے کے مترادف ہوگا پانی کے معاملے پر پاکستانی قوم اسے زندگی اور موت کا مسئلہ سمجھتی ہے اس لئے بلاشبہ سندھ طاس معاہدے کی خلاف ورزی کو جنگ تصور کیا جائے گا اور یہ بین الاقوامی قوانین کی کھلی خلاف ورزی بھی ہوگی جس پر ہم عالمی فورمز پر بھی آواز بلند کریں گے انہوں نے کہا کہ پاکستان ہمیشہ ایک پرامن ملک رہا ہے جس نے ہمیشہ امن کو فروغ دینے کی ہر ممکن کوشش کی ہے لیکن اگر جنگ مسلط کی گئی تو ہم اس کا بھرپور اور فیصلہ کن جواب دیں گے پاکستان نے ماضی میں بھی بھارت کی جارحیت کا منہ توڑ جواب دیا اور اس بار بھی اگر بھارت نے کوئی غلطی کی تو اسے اس سے زیادہ سخت جواب ملے گا پہلے بھارت کو چائے پلائی اب کچھ اور پلائیں گے وزیر اعلیٰ نے کہا کہ بھارت کو ہوش کے ناخن لینے چاہییں کیونکہ پاکستانی قوم اپنی خودمختاری اور سلامتی پر کوئی سمجھوتہ نہیں کرے گی ہماری افواج، بری، بحری اور فضائی، انتہائی پیشہ ور ہیں جو جنگ سے گریز کو ترجیح دیتی ہیں لیکن اگر جنگ مسلط کی گئی تو اس کا جواب ایسا ہوگا کہ دشمن کو ہمیشہ یاد رہے گا اپنے اختتامی کلمات میں قرارداد کی بھرپور حمایت پر وزیر اعلیٰ نے ایوان کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ میں بلوچستان کی جانب سے وفاقی حکومت اور وزیر اعظم پاکستان کو یہ پیغام دینا چاہتا ہوں کہ وطن عزیز کی سلامتی کے تحفظ کے لیے جو بھی فیصلے لیے جائیں گے بلوچستان کے عوام ان فیصلوں کی بھرپور حمایت کریں گے اور ہر قدم پر حکومت پاکستان کے ساتھ کھڑے ہوں گے۔

CLIPPING SERVICE
DIRECTORATE

THE DAILY BAAKHABAR QUETTA
روزنامہ باخبر کوئٹہ
بانی اکرام اللہ خان
جمعرات یکم مئی 2025ء بمطابق 03 ذوالقعدہ 1446ھ قیمت 20 روپے
شمارہ 118 جلد 29


کوئٹہ، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اسمبلی اجلاس کے بعد میڈیا سے بات چیت کررہے ہیں


کوئٹہ، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی پندرہویں نیشنل ورکشاپ بلوچستان کے شرکاء سے خطاب کررہے ہیں

# دہشتگرد ریاست کو کیک کی طرح کاٹنا چاہتے ہیں، میر سرفراز بگٹی

بلوچستان کے حوالے سے جو تاثر ملک کے دیگر حصوں میں پایا جاتا ہے اس میں اور زمینی حقائق میں واضح فرق ہے جسے ہر پاکستانی کو جاننا ہوگا


ریاست ہر طرح کی سیاست سے بالاتر اور مقدم ہے ریاست کے مفاد کو مصلحت سے بالاتر رکھنا ہوگا، وزیراعلیٰ بلوچستان کا 15 ویں نیشنل ورکشاپ کے شرکاء سے خطاب

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ تاریخ سے لاعلمی حال کے مسائل کو سمجھنے اور مستقبل کے راستے متعین کرنے میں رکاوٹ کا باعث ثابت ہوتی ہے بلوچستان کے موجودہ حالات کو سمجھنے کے لیے ماضی اور تاریخی تناظر سے آگاہی ضروری ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے کوئٹہ میں پندرہویں نیشنل ورکشاپ بلوچستان کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کیا، وزیراعلیٰ نے کہا کہ بلوچستان کے حوالے سے جو تاثر ملک کے دیگر حصوں میں پایا جاتا ہے اس میں اور زمینی حقائق میں واضح فرق ہے جسے ہر پاکستانی کو جاننا ہوگا تاریخی حقائق کو توڑ مروڑ کر پیش کرنے کے بجائے ان کی سچائی کو تلاش کرنا اہم ہے میر سرفراز بگٹی نے مثال دیتے ہوئے کہا کہ ماضی میں قلات کے محدود آپریشن کو پورے بلوچستان میں کارروائی کا تاثر دیا گیا حالانکہ ایسا نہیں تھا جیسا کہ رحیم یار خان یا لیاری کے محدود آپریشنز کو کبھی پورے پنجاب یا کراچی کا آپریشن نہیں کہا جاسکتا بالکل اسی طرح قلات کے مخصوص علاقے میں محدود سطح کی کارروائی کو پورے بلوچستان کا آپریشن نہیں کہا جا سکتا، میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ غیر متوازن ترقی صرف بلوچستان نہیں بلکہ پاکستان اور دنیا کے کئی ممالک کا مسئلہ ہے، بلوچستان میں انسرجنسی کی اصل وجہ غیر متوازن ترقی نہیں بلکہ اس کی جڑیں کہیں اور ہیں انہوں نے کہا کہ بیڈ گورننس یا ترقی کی کمی پر حکومت سے شکایت ہوسکتی ہے لیکن اس بنیاد پر ریاست سے ناراضگی یا علیحدگی کا کوئی جواز نہیں میر سرفراز بگٹی نے آئین کے آرٹیکل 5 کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ ریاست سے غیر مشروط وفاداری ہر شہری کا آئینی و اخلاقی فرض ہے انہوں نے کہا کہ دہشت گرد ریاست کو کیک کی طرح کاٹنا چاہتے ہیں اور نوجوانوں کو سوشل میڈیا، پروپیگنڈہ اور مصنوعی ذہانت کے ذریعے گمراہ کررہے ہیں دشمن قوتیں تعلیمی اداروں کے طلبہ کے ذہنوں میں زہر گھول رہی ہیں، جس کا تدارک ہم سب کی ذمہ داری ہے وزیراعلیٰ بلوچستان نے زور دیا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ صرف ریاست یا فوج کی نہیں بلکہ ہر فرد کی جنگ ہے، چاہے دہشت گردی مذہب کی بنیاد پر ہو یا زبان کی بنیاد پر، وہ قابل مذمت ہے

## حکومت مزدور طبقہ کا سماجی تحفظ یقینی بنارہی ہے، وزیراعلیٰ

کیم مئی محنت کشوں کے حقوق عزت اور قربانیوں کے اعتراف کا دن ہے، یوم مزدور پر پیغام

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے یوم مزدور کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ یکم مئی محنت کشوں کے حقوق، عزت اور قربانیوں کے اعتراف کا دن ہے۔ یہ دن ہمیں یاد دلاتا ہے کہ ایک خوشحال اور ترقی یافتہ معاشرہ تبھی قائم ہوسکتا ہے جب محنت کش طبقے کو عزت، تحفظ اور مساوی مواقع میسر ہوں وزیراعلیٰ نے کہا کہ بلوچستان حکومت محنت کشوں کی فلاح و بہبود کے لیے ٹھوس اور عملی اقدامات اٹھا رہی ہے۔ صوبے میں مزدوروں اور ان کے بچوں کی بہبود کے لیے جاری اقدامات کے مثبت نتائج سامنے آرہے ہیں۔ بلوچستان کی تاریخ میں پہلی بار یہ ممکن ہوا ہے کہ مزدوروں کے بچوں کو ملک کے اعلیٰ تعلیمی اداروں میں تعلیم حاصل کرنے کے مواقع دیے جارہے ہیں، اور آج ایک مزدور کا بچہ اسی ادارے میں زیر تعلیم ہے جہاں ایک صاحب حیثیت فرد کا بچہ پڑھتا ہے جو مساوات اور انصاف کی عملی مثال ہے وزیراعلیٰ نے کہا کہ موجودہ حکومت مزدور طبقے کے لیے روزگار، صحت، تعلیم اور سماجی تحفظ کی فراہمی کو یقینی بنارہی ہے۔ ہمیں بحیثیت قوم ان محنت کشوں کے حقوق کے تحفظ اور ان کے مسائل کے حل کے لیے اجتماعی طور پر کام کرنا ہوگا انہوں نے تمام محنت کشوں کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ ان کی شب و روز محنت کی بدولت بلوچستان اور پاکستان ترقی کی منازل طے کررہے ہیں۔


کوئٹہ، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی صوبائی اسمبلی اجلاس میں اظہار خیال کررہے ہیں

CLIPPING SERVICE
DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN
نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان
Bullet No. 1
Page No. 8

DAILY ZAMANA
روزنامہ زمانہ کوئٹہ
بانی: سید فصیح اقبال — چیف ایڈیٹر: محمد حیدر امین
جلد 80 | جمعرات یکم مئی 2025ء 3 ذیقعد 1446ھ | صفحات 6 | قیمت 20 روپے | شمارہ 119

## صحافیوں کی قربانیوں کو رائیگاں نہیں جانے دیں گے

# ریاست کے مفاد کو ہر مصلحت سے بالاتر رکھنا ہوگا

## وزیراعلیٰ بلوچستان

کوئی بلوچ کسی پنجابی کو نہیں بلکہ دہشت گرد پاکستانیوں کو شہید کررہے ہیں، ہمیں کنفیوژن سے نکل کر زمینی حقائق اور واضح سوچ کے ساتھ دہشت گردی کا سامنا کرنا ہوگا

سندھ طاس معاہدے کی خلاف ورزی کو جنگ تصور کیا جائے گا، کسی بھی جارحیت کا بھرپور جواب دیا جائے گا، بلوچستان کے عوام وفاقی حکومت اور پاک فوج کے ساتھ کھڑے ہیں



وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی پندرہویں نیشنل ورکشاپ بلوچستان کے شرکاء سے خطاب کررہے ہیں

کوئٹہ (این این آئی، اے این این) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ تاریخ سے لاعلمی حال کے مسائل کو سمجھنے اور مستقبل کے راستے متعین کرنے میں رکاوٹ کا باعث ثابت ہوتی ہے بلوچستان کے موجودہ حالات کو سمجھنے کے لیے ماضی اور تاریخی تناظر سے آگاہی ضروری ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے کوئٹہ میں پندرہویں نیشنل ورکشاپ بلوچستان کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کیا، وزیراعلیٰ نے کہا کہ بلوچستان کے حوالے سے جو تاثر ملک کے دیگر حصوں میں پایا جاتا ہے اس میں اور زمینی حقائق میں واضح فرق ہے جسے ہر پاکستانی کو جاننا ہوگا تاریخی حقائق کو توڑ مروڑ کر پیش کرنے کے بجائے ان کی سچائی کو تلاش کرنا اہم ہے میر سرفراز بگٹی نے مثال دیتے ہوئے کہا کہ ماضی میں قلات کے محدود آپریشن کو پورے بلوچستان میں کارروائی کا تاثر دیا گیا حالانکہ ایسا نہیں تھا جیسا کہ رحیم یار خان یا لیاری کے محدود آپریشنز کو کبھی پورے پنجاب یا کراچی کا آپریشن نہیں کہا جاسکتا بالکل اسی طرح قلات کے مخصوص علاقے میں محدود سطح کی کارروائی کو پورے بلوچستان کا آپریشن نہیں کہا جا سکتا، میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ غیر متوازن ترقی صرف بلوچستان نہیں بلکہ پاکستان اور دنیا کے کئی ممالک کا مسئلہ ہے، بلوچستان میں انسر جنسی کی اصل وجہ غیر متوازن ترقی نہیں بلکہ اس کی جڑیں کہیں اور ہیں انہوں نے کہا کہ بیڈ گورننس یا ترقی کی کمی پر حکومت سے شکایت ہوسکتی ہے لیکن اس بنیاد پر ریاست سے ناراضگی یا علیحدگی کا کوئی جواز نہیں میر سرفراز بگٹی نے آئین کے آرٹیکل 5 کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ ریاست سے غیر مشروط وفاداری ہر شہری کا آئینی و اخلاقی فرض ہے انہوں نے کہا کہ دہشت گرد ریاست کو کیک کی طرح کاٹنا چاہتے ہیں اور نوجوانوں کو سوشل میڈیا، پروپیگنڈہ اور مصنوعی ذہانت کے ذریعے گمراہ کررہے ہیں دشمن قوتیں تعلیمی اداروں کے طلبہ کے ذہنوں میں زہر گھول رہی ہیں، جس کا تدارک ہم سب کی ذمہ داری ہے

وزیراعلیٰ بلوچستان نے زور دیا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ صرف ریاست یا فوج کی نہیں بلکہ ہر فرد کی جنگ ہے، چاہے دہشت گردی مذہب کی بنیاد پر ہو یا زبان کی بنیاد پر، وہ قابل مذمت ہے انہوں نے کہا کہ بلوچوں اور پنجابیوں کے درمیان نفرت پیدا کرنے والے دراصل پاکستانیوں کا خون بہا رہے ہیں سمجھنے کی ضرورت ہے کہ کوئی بلوچ کسی پنجابی کو نہیں بلکہ دہشت گرد پاکستانیوں کو شہید کررہے ہیں ہمیں کنفیوژن سے نکل کر زمینی حقائق اور واضح سوچ کے ساتھ دہشت گردی کا سامنا کرنا ہوگا سچائی اور دیانت پر مبنی بیانیہ ہی ملک کو ترقی کی راہ پر گامزن کرسکتا ہے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکو...

Daily

Bullet

...ge No. 9



THE DAILY INTEKHAB (HUB)

روزنامہ انتخاب

حب بلوچستان


رجسٹرڈ نمبر بی سی I-3

قیمت 40 روپے

صفحات 8

www.dailyintekhab.pk
Hub Ph: 0853-363533
Karachi Ph: 021-32631089 & 32634518

جلد نمبر 37 | بروز بدھ 30 اپریل 2025ء بمطابق 2 ذیقعد 1446ھ | شمارہ نمبر 118

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی صوبائی کابینہ کے اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

# بلوچستان کابینہ

# لاپتہ افراد و دہشتگردی سمیت مختلف ایشوز پر پالیسیوں و بلوں کی منظوری

## دشمن نے جنگ مسلط کرنیکی کوشش کی تو پوری قوم مادروطن کے دفاع کیلئے یکجہتی کیساتھ صف آراء ہوگی، وزیراعلیٰ کا خطاب، سانحہ نوشکی پر اظہار افسوس

## نوشکی واقعہ کی جامع تحقیقات کا حکم، دہشتگردی کیخلاف قانون نافذ کرنیوالے اداروں کی کارروائیاں قابل تحسین ہیں، سرفراز بگٹی کا بیان

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت صوبائی کابینہ کا اہم اجلاس منگل کے روز چیف منسٹر سیکریٹریٹ کوئٹہ میں منعقد ہوا۔کابینہ اجلاس کے آغاز میں بھارتی ریاست پہلگام میں پیش آنے والے واقعے کے بعد پاکستان پر لگائے گئے بے بنیاد الزامات اور بھارتی جارحیت کی شدید مذمت کرتے ہوئے اس امر پر افسوس کا اظہار کیا گیا کہ پاکستان کی جانب سے شفاف تحقیقات کی پیشکش کے باوجود بھارت نے اشتعال انگیزی کو ہوا دی جو خطے کے امن کے لیے سنگین خطرہ ہے وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے اس موقع پر واضح کیا کہ پاکستان کے عوام اپنی مسلح افواج کے شانہ بشانہ کھڑے ہیں اور اگر دشمن نے جنگ مسلط کرنے کی کوشش کی تو پوری قوم مادر وطن کے دفاع کے لیے یکجہتی کے ساتھ صف آرا ہوگی انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے عوام ہمیشہ سے حب الوطنی میں پیش پیش رہے ہیں اور اپنی فوج

بقیہ نمبر50 صفحہ 7 پر

ور یاستی اداروں کے ساتھ مضبوطی سے کھڑے ہیں اجلاس میں سانحہ نوشکی پر گہرے رنج و غم کا اظہار کرتے ہوئے متاثرہ خاندانوں سے دلی ہمدردی کا اظہار کیا گیا وزیراعلیٰ نے کابینہ کو آگاہ کیا کہ حادثے کے فوری بعد ریسکیو و امدادی کارروائیاں شروع کردی گئی تھیں جن میں ہیلی کاپٹر اور ایمبولینسز کے ذریعے زخمیوں کو فوری طور پر کوئٹہ منتقل کیا گیا جن میں شدید زخمیوں کو آج صبح خصوصی طیارے کے ذریعے کراچی روانہ کیا گیا ہے وزیراعلیٰ نے محکمہ صحت کے عملے، ڈاکٹرز، پیرامیڈیکل اسٹاف، وزیر صحت اور سیکریٹری ہیلتھ کی بروقت اور مثالی کارکردگی کو سراہتے ہوئے کہا کہ اس واقعہ پر محکمہ صحت نے قابل ذکر کارکردگی کا مظاہرہ کیا کابینہ نے اس سانحے کے پس منظر میں صوبے میں جاری اسمگلنگ کے رجحان پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ غیر قانونی پیٹرول، ڈیزل اور دیگر اشیاء کی اسمگلنگ ایک سنگین مسئلہ ہے جس کی روک تھام کے لیے فوری اور موثر اقدامات ناگزیر ہو چکے ہیں اجلاس میں اس واقعہ کی جامع تحقیقات کا حکم بھی دیا گیا تاکہ ذمہ دار عناصر کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جاسکے کابینہ اجلاس میں متعدد اہم قانونی و انتظامی امور کی بھی منظوری دی گئی ان میں اوورسیز پاکستانیوں کی جائیدادوں کے تحفظ اور تنازعات کے حل کے لیے "دی بلوچستان اسٹیبلشمنٹ آف اسپیشل کورٹ اوورسیز پاکستانیز پراپرٹی ایکٹ 2025" کی منظوری شامل ہے اس کے علاوہ دہشت گردی اور سنگین جرائم کی روک تھام، جامع تفتیش اور لاپتہ افراد کے مسئلے سے موثر انداز میں نمٹنے کے لیے "سینٹر آف ایکسیلنس آن دی کاؤنٹرنگ وائلنٹ ایکسٹریمزم" کے قیام کی بھی منظوری دی گئی کابینہ نے "بلوچستان سول سرونٹس اینڈ ایمپلائز بینیفٹ اینڈ ڈیتھ ترمیمی پالیسی 2020" کی منظوری دی تاکہ سرکاری ملازمین اور ان کے خاندانوں کو ممکنہ ریلیف فراہم جاسکیں اسی طرح کابینہ نے "دی بلوچستان اینٹی ٹیررازم ترمیمی بل 2025" کی منظوری دی تاکہ انسداد دہشت گردی کے قوانین کو مزید موثر بنایا جاسکے اجلاس میں "نیشنل فوڈ سیفٹی، اینیمل اینڈ پلانٹ ہیلتھ ریگولیٹری اتھارٹی" اور اس سے متعلقہ امور کی منظوری دی گئی جبکہ "بلوچستان لیبر رولز" کی توثیق کرتے ہوئے جبری مشقت کے خاتمے اور ہوم بیسڈ ورکرز کے تحفظ کے لیے جامع ضوابط وضع کیے گئے کابینہ نے "افراد باہم معذوران سے متعلق رولز 2024" کی منظوری دیتے ہوئے معذور افراد کے لیے خصوصی اقدامات کی راہ ہموار کی اسی تسلسل میں "محکمہ ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن کے موٹر وہیکلز رولز 1969" میں ترامیم کی بھی منظوری دی گئی، تاکہ موجودہ دور کے تقاضوں کے مطابق قانون میں بہتری لائی جاسکے اجلاس میں صحت کے شعبے میں بہتری کے لیے "فارماسسٹس اور ڈرگ انسپکٹرز" کے لیے نو تشکیل شدہ سروس اسٹرکچر کی منظوری دی گئی جو پیشہ ورانہ ترقی کی جانب ایک اہم قدم ثابت ہوگی اسی طرح "بلوچستان لوکل کونسل اسٹریٹ رولز 2025" اور وزیراعلیٰ کی جانب سے اعلان کردہ ترقیاتی منصوبوں کی باقاعدہ منظوری بھی دی گئی کابینہ نے سرکاری محکموں میں گریڈ 1 سے 15 تک کی خالی آسامیوں کو مشتہر کرکے شفاف اور میرٹ پر بھرتی کا فیصلہ بھی کیا تاکہ صوبے میں روزگار کے مواقع میں اضافہ ہوسکے ماحولیاتی تحفظ کے لیے "بلوچستان سیف اینڈ انوائرمنٹلی ساؤنڈ ری سائیکلنگ آف شپس بل 2025" کی منظوری بھی دی گئی خوراک کے تحفظ اور ذخائر کو نقصان سے بچانے کے لیے کابینہ نے محکمہ خوراک کو ہدایت دی کہ موجودہ گندم کے ذخیرے کو خراب ہونے سے قبل اوپن مارکیٹ میں فروخت کیا جائے اس مقصد کے لیے سیکریٹری خوراک کی سربراہی میں ایک "بڈ ایویلیوایشن کمیٹی" تشکیل دی گئی جو مارکیٹ کے رجحانات کو مدنظر رکھتے ہوئے گندم کی قیمت کا تعین کرے گی کابینہ نے واضح کیا کہ گندم کی فروخت محکمہ خوراک کی سفارش کردہ کم از کم قیمت کے دائرے میں ہونی چاہیے جبکہ اکثریتی رائے سے اس سال نئی گندم نہ خریدنے کا فیصلہ بھی کیا گیا امن و امان کے قیام کے لیے "کوئٹہ سیف سٹی منصوبے" کے تحت درکار 14 کروڑ روپے کے فنڈز جاری کرنے کی منظوری دی گئی اور سیکریٹری آئی ٹی کو منصوبہ جون 2025 تک مکمل کرنے کی ہدایت کی گئی اجلاس کے اختتام پر بلوچستان بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن کے چیئرمین کی تقرری کی بھی باضابطہ توثیق کی گئی کابینہ اجلاس سے خطاب میں وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ حکومت بلوچستان پوری سنجیدگی، دیانت اور عزم کے ساتھ صوبے کی ترقی، امن کے قیام اور عوامی فلاح و بہبود کے لیے کوشاں ہے انہوں نے کہا کہ کابینہ کے فیصلے ایک نئے، مستحکم اور خوشحال بلوچستان کی بنیاد بنیں گے جہاں انصاف، میرٹ، شفافیت اور قانون کی حکمرانی کو اولین حیثیت حاصل ہوگی۔

# سانحہ نوشکی مزید 2 افراد دم توڑ گئے، وزیراعلیٰ کی ہدایت پر 24 زخمی کراچی منتقل

## آتشزدگی واقعہ میں جاں بحق افراد کی تعداد 3 ہوگئی، ٹرک سے ملنے والی سوختہ نعش کی تاحال شناخت نہ ہوسکی

## 17 زخمیوں کو لیاقت نیشنل اسپتال اور 7 کو پٹیل اسپتال برن وارڈ داخل کردیا گیا، سرفراز بگٹی کا سول اسپتال کا دورہ، زخمیوں کی عیادت کی

نوشکی (آن لائن) آتشزدگی سانحہ نوشکی میں اب تک 3 افراد جاں بحق جبکہ چالیس سے زائد زخمی ہے۔ آتشزدگی واقعہ کے بعد جلے

بقیہ نمبر66 صفحہ 7 پر

کراچی (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی کے احکامات پر سی ون 130 طیارہ 24 زخمیوں کو لیکر کراچی پہنچ گیا گزشتہ روز نوشکی سانحے میں جھلس جانے والے 24 شدید زخمیوں

بقیہ نمبر67 صفحہ 7 پر

کو فوری علاج معالجے کی سہولیات فراہمی کیلئے حکومت بلوچستان میڈیکل کی طرف سے دیئے گئے احکامات کی روشنی میں ڈپٹی کمشنر حب اور ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر کی زیرنگرانی 17 مریضوں کو لیاقت نیشنل ہسپتال کراچی اور دیگر زخمیوں کو پٹیل ہسپتال برن وارڈ کراچی منتقل کیا گیا ہے بلوچستان کے عوامی حلقوں نے وزیراعلیٰ بلوچستان کے عوام دوست اقدام کو سراہتے ہوئے کہا ہے سرفراز بگٹی کی قیادت میں بلوچستان کی حکومت شاہراہوں پر پیش آنے والے روڈ حادثات میں ریسکیو آپریشن کے حوالے سے کلیدی کردار ادا کررہی ہے۔وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے گزشتہ روز سول اسپتال کوئٹہ کا ہنگامی دورہ کیا اور نوشکی آتشزدگی حادثے کے زخمیوں کی عیادت کی۔انہوں نے متاثرین کو بہترین طبی سہولیات فراہم کرنے اور شدید زخمیوں کو ڈاکٹرز کی سفارش پر کراچی منتقل کرنے کی ہدایت دی۔وزیراعلیٰ نے حادثے کو افسوسناک قرار دیتے ہوئے زخمیوں سے ہمدردی کا اظہار کیا اور ان کے مکمل علاج کی یقین دہانی کروائی۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN


نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ

Daily AZADI Quetta

روزنامہ آزادی کوئٹہ

بانی
صدیق بلوچ

جلد نمبر 24 | جمعرات یکم مئی 2025ء بمطابق 03 ذیقعد 1446ھ قیمت 20 روپے | شمارہ نمبر 118



وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی صوبائی اسمبلی اجلاس میں اظہار خیال کر رہے ہیں

# بھارت نے جارحیت کی کوشش کی تو بلوچستان کے عوام پاک فوج کے ساتھ کھڑے ہوں گے، سرفراز بگٹی

## پاکستان پر بھارت کی جانب سے عائد کیے گئے الزامات اور اس کی جارحانہ روش کے خلاف بلوچستان اسمبلی میں پیش کی گئی متفقہ قرارداد کی بھرپور حمایت کرتے ہیں

## خوشی ہے کہ تمام اپوزیشن اراکین نے قومی سالمیت کے معاملے پر سیاسی اختلافات کو بالائے طاق رکھتے ہوئے اس قرارداد کی حمایت کی ہے

## جنگ کسی بھی صورت میں بہتر راستہ نہیں خصوصاً ایسے ممالک کے مابین جو ایٹمی قوت کے حامل ہوں لیکن اگر جنگ مسلط کی جائے تو اس کا انجام کسی کے ہاتھ میں نہیں ہوتا

کوئٹہ (ع ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ پہلگام حملے کے بعد پاکستان پر بھارت کی جانب سے عائد کیے گئے الزامات اور اس کی جارحانہ روش کے خلاف (بقیہ نمبر 9 صفحہ نمبر 2 پر)

بلوچستان اسمبلی میں پیش کی گئی متفقہ قرارداد کی بھرپور حمایت کرتے ہیں خوشی ہے کہ تمام اپوزیشن اراکین نے قومی سالمیت کے معاملے پر سیاسی اختلافات کو بالائے طاق رکھتے ہوئے اس قرارداد کی حمایت کی ہے یہ بات انہوں نے بدھ کو بلوچستان اسمبلی میں بھارتی جارحیت کے خلاف پیش کی گئی مشترکہ قرارداد پر اظہار خیال کرتے ہوئے کی وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ جب بات پاکستان کی سالمیت اور خودمختاری کی ہو تو تمام سیاسی اختلافات پس منظر میں چلے جاتے ہیں ایسی یکجہتی زندہ قوموں کی پہچان ہوتی ہے پہلگام واقعہ ایک جعلی کارروائی کا نتیجہ ہے جس میں بھارتی حکومت خود ملوث دکھائی دیتی ہے اس سے قبل بھی بھارت میں خصوصاً مقبوضہ کشمیر میں ہونے والے بیشتر واقعات کے تانے بانے بھارتی خفیہ اداروں سے جا ملتے ہیں میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بھارتی جارحیت نہ صرف پاکستان بلکہ پورے خطے کے امن کے لیے ایک سنگین خطرہ ہے یہ ایک خطرناک صورتحال ہے جو پورے خطے کو متاثر کر سکتی ہے ہمیں بھارتی عزائم کو عالمی سطح پر بے نقاب کرنا ہوگا انہوں نے کہا کہ جنگ کسی بھی صورت میں بہتر راستہ نہیں خصوصاً ایسے ممالک کے مابین جو ایٹمی قوت کے حامل ہوں لیکن اگر جنگ مسلط کی جائے تو اس کا انجام کسی کے ہاتھ میں نہیں ہوتا انہوں نے کہا کہ پاکستان کی خودمختاری اور سالمیت کے تحفظ کے لیے ہم ہر ممکن قدم اٹھائیں گے عالمی برادری کو اس صورتحال کا سنجیدگی سے نوٹس لینا چاہیے میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بھارت کو یہ پیغام دینا ہوگا کہ پاکستانی قوم کسی قسم کی جارحیت کو برداشت نہیں کرے گی وزیراعلیٰ نے کہا کہ بلوچستان حکومت عوام اور اسمبلی جو پورے صوبے کی نمائندگی کرتی ہے اپنی افواج پاکستان کے ساتھ شانہ بشانہ کھڑی ہے اگر بھارت نے کسی قسم کی جارحیت کی کوشش کی تو بلوچستان کے عوام اپنی پاک فوج کے ساتھ کھڑے ہوں گے سندھ طاس معاہدے سے متعلق بھارتی بیانات پر تبصرہ کرتے ہوئے وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ یہ معاہدے بین الاقوامی دو طرفہ معاہدے ہیں جو کسی یکطرفہ بیان سے ختم نہیں ہو سکتے اگر بھارت انہیں ختم کرنا چاہتا ہے تو یہ دراصل جنگ کو دعوت دینے کے مترادف ہوگا پانی کے معاملے پر پاکستانی قوم اسے زندگی اور موت کا مسئلہ سمجھتی ہے اس لیے بلاشبہ سندھ طاس معاہدے کی خلاف ورزی کو جنگ تصور کیا جائے گا اور یہ بین الاقوامی قوانین کی کھلی خلاف ورزی بھی ہوگی جس پر ہم عالمی فورمز پر بھی آواز بلند کریں گے انہوں نے کہا کہ پاکستان ہمیشہ ایک پرامن ملک رہا ہے جس نے ہمیشہ امن کو فروغ دینے کی ہر ممکن کوشش کی ہے لیکن اگر جنگ مسلط کی گئی تو ہم اس کا بھرپور اور فیصلہ کن جواب دیں گے

# ہیڈ گورننس ریاست سے ناراضگی یا علیحدگی کا جواز نہیں، وزیراعلیٰ بلوچستان

## ریاست سے غیر مشروط وفاداری ہر شہری کا آئینی و اخلاقی فرض ہے

## بلوچستان کے موجودہ حالات کو سمجھنے کے لیے ماضی اور تاریخی تناظر سے آگاہی ضروری ہے

کوئٹہ (آن لائن) میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ تاریخ سے لاعلمی (بقیہ نمبر 34 صفحہ نمبر 2 پر)

حال کے مسائل کو سمجھنے اور مستقبل کے راستے متعین کرنے میں رکاوٹ کا باعث بنتی ہے بلوچستان کے موجودہ حالات کو سمجھنے کے لیے ماضی اور تاریخی تناظر سے آگاہی ضروری ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے کوئٹہ میں منعقدہ ایک ورکشاپ سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ بلوچستان کے حوالے سے جو تاثر ملک کے دیگر حصوں میں پایا جاتا ہے اس میں اور زمینی حقائق میں واضح فرق ہے ہر پاکستانی کو جاننا ہوگا تاریخی حقائق کو توڑ مروڑ کر پیش کرنے کے بجائے ان کی سچائی کو تلاش کرنا اہم ہے میر سرفراز بگٹی نے مثال دیتے ہوئے کہا کہ ماضی میں قلات کے محدود آپریشن کو پورے بلوچستان میں کارروائی کا تاثر دیا گیا حالانکہ ایسا نہیں تھا جیسا کہ رحیم یار خان یا لیاری کے محدود آپریشنز کو کبھی پورے پنجاب یا کراچی کا آپریشن نہیں کہا جا سکتا بالکل اسی طرح قلات کے مخصوص علاقے میں محدود نوعیت کی کارروائی کو پورے بلوچستان کا آپریشن نہیں کہا جا سکتا۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ غیر متوازن ترقی صرف بلوچستان نہیں بلکہ پاکستان اور دنیا کے کئی ممالک کا مسئلہ ہے۔ بلوچستان میں احساس محرومی کی اصل وجہ غیر متوازن ترقی نہیں بلکہ اس کی جڑیں کہیں اور ہیں انہوں نے کہا کہ بیڈ گورننس یا ترقی کی کمی پر حکومت سے شکایت ہو سکتی ہے لیکن اس بنیاد پر ریاست سے ناراضگی یا علیحدگی کا کوئی جواز نہیں میر سرفراز بگٹی نے آئین کے آرٹیکل 5 کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ ریاست سے غیر مشروط وفاداری ہر شہری کا آئینی و اخلاقی فرض ہے

# یکم مئی محنت کشوں کے حقوق، عزت اور قربانیوں کے اعتراف کا دن ہے، وزیراعلیٰ بلوچستان

## بلوچستان حکومت محنت کشوں کی فلاح و بہبود کے لیے ٹھوس اور عملی اقدامات اٹھا رہی ہے

کوئٹہ (این این آئی) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے یوم مزدور کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ یکم مئی محنت کشوں کے حقوق، عزت اور قربانیوں کے اعتراف کا دن ہے۔ یہ دن ہمیں یاد دلاتا ہے کہ ایک خوشحال اور ترقی یافتہ معاشرہ تبھی قائم ہو سکتا ہے جب محنت کش طبقے کو عزت، تحفظ اور مساوی مواقع میسر ہوں وزیراعلیٰ نے کہا کہ بلوچستان حکومت (بقیہ نمبر 42 صفحہ نمبر 7 پر)

محنت کشوں کی فلاح و بہبود کے لیے ٹھوس اور عملی اقدامات اٹھا رہی ہے۔ صوبے میں مزدوروں اور ان کے بچوں کی بہبود کے لیے جاری اقدامات کے مثبت نتائج سامنے آ رہے ہیں۔ بلوچستان کی تاریخ میں پہلی بار یہ ممکن ہوا ہے کہ مزدوروں کے بچوں کو ملک کے اعلیٰ تعلیمی اداروں میں تعلیم حاصل کرنے کے مواقع دیے جا رہے ہیں، اور آج ایک مزدور کا بچہ اسی ادارے میں زیر تعلیم ہے جہاں ایک صاحب حیثیت فرد کا بچہ پڑھتا ہے جو مساوات اور انصاف کی عملی مثال ہے وزیراعلیٰ نے کہا کہ موجودہ حکومت مزدور طبقے کے لیے روزگار، صحت، تعلیم اور سماجی تحفظ کی فراہمی کو یقینی بنا رہی ہے۔ ہمیں بحیثیت قوم ان محنت کشوں کے حقوق کے تحفظ اور ان کے مسائل کے حل کے لیے اجتماعی طور پر کام کرنا ہوگا



کوئٹہ، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اسمبلی اجلاس کے بعد میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں

CLIPPING SERVICE

istan Times

balochistantimes.pk @balochistantimes.pk BTimes_pk

QUETTA Thursday May 01, 2025 /Dhu'l-Qi'dah 03, 1446 Rs:

# Bugti calls for historical accuracy, unity against terrorism

## Says govt taking steps for workers' welfare



**Staff Report**

**QUETTA**: Addressing participants of the 15th National Workshop Balochistan, Chief Minister Mir Sarfaraz Bugti stated that ignorance of history is an obstacle to understanding present issues and charting a future course. Awareness of historical context is vital for comprehending Balochistan's current situation.

He highlighted a disparity between the perception of Balochistan elsewhere in Pakistan and the ground realities, a distinction every Pakistani should understand. "Seeking truth over distorted historical facts is crucial," Bugti asserted. He cited the past limited operation in Kalat being misrepresented as province-wide, comparing it to how limited operations in specific areas of Punjab or Karachi wouldn't be called operations across the entire province or city.

Bugti acknowledged that unbalanced development exists globally, not just in Balochistan. However, he argued, the root cause of insurgency in Balochistan isn't solely unbalanced development; its origins lie elsewhere. While citizens can complain about governance issues, he stressed there's no justification for discontent with or separation from the state on this basis.

Citing Article 5 of the Constitution, he emphasized unconditional loyalty to the state as a duty. He warned that terrorists seek to fragment the state, misleading youth via propaganda and AI, and enemy forces are poisoning student minds, requiring collective responsibility. Bugti emphasized the war against terrorism involves every individual, not just the state or army.

Condemning all forms of terrorism, he stated those inciting hatred between ethnicities are causing the deaths of Pakistanis. "It's crucial to understand that terrorists, not specific ethnic groups, are targeting Pakistanis," he urged. "We must overcome confusion and confront terrorism with realism and clear thinking."

He declared that only a narrative rooted in truth can lead to national progress and that the state transcends politics, demanding state interests be prioritized. Regarding governance, Bugti highlighted merit-based recruitment in health and education, ending the past practice of selling jobs. He mentioned the Benazir Bhutto Scholarship Program, giving underprivileged students access to higher education, enabling children of poor labourers to study alongside those from prominent families. Special scholarships are allocated for minorities, children of civilian martyrs, and transgender individuals.

Balochistan Chief Minister Mir Sarfraz Bugti on Wednesday said that the Balochistan government is taking concrete steps for the welfare of the workers.

In his message on the occasion of Labor Day, he said that first May is a day of recognition of the rights, honor and sacrifices of workers, this day reminds us that a prosperous and developed society could be established only when the working class is given respect, protection and equal opportunities.

He said that the ongoing steps for the welfare of the workers and their children in the province are yielding positive results saying that for the first time in the history of Balochistan, it has been possible that the children of workers are being given opportunities to study in the country's higher educational institutions and today a child of a worker is studying in the same institution, where the child of a respected person studies, which is a practical example of equality and justice.

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

1

Daily: JANG QUETTA

12

Bullet No.______ Dated: 01 MAY 2025 Page No.______

## حکومت محنت کشوں کی خوشحالی کیلئے پرعزم ہے، نور محمد دمڑ

**مزدوروں کے حقوق کے تحفظ کیلئے اقدامات اٹھا رہے ہیں، صوبائی وزیر**

[illegible] صوبائی وزیر [illegible] حاجی نور محمد خان دمڑ نے [illegible] محنت کش [illegible] ترقی اور خوشحالی کا [illegible] ترقی اور خوشحالی میں محنت کش طبقے کا کردار کلیدی اہمیت رکھتا ہے، حکومت بلوچستان مزدور اور محنت کش طبقے کی فلاح و بہبود اور ان کے حقوق کے تحفظ کو یقینی بنانے کیلئے عملی اقدامات [illegible] کے مسائل [illegible] حکومت محنت کشوں کی فلاح و بہبود اور خوشحالی کیلئے پرعزم ہے۔

## ترقی اور خوشحالی محنت کش طبقے کی بدولت ممکن ہوئی، شعیب نوشیروانی

**عالمی یوم مزدور منانے کا مقصد شکاگو کے محنت کشوں کی جدوجہد کو یاد کرنا ہے، صوبائی وزیر**

کوئٹہ (ث ن) صوبائی وزیر خزانہ معدنیات میر شعیب نوشیروانی نے یوم مزدور پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ مزدوروں کے ماتھے پر محنت کے پسینے کے نتیجے میں شہروں میں بلند و بالا عمارتیں تعمیر ہوئیں جس سے شہروں کے نقشے بدل گئے ہیں کے ساتھ ساتھ صحراؤں [illegible] آباد [illegible] ترقی اور خوشحالی محنت کش طبقے کی محنت اور قربانیوں کا نتیجہ ہے۔ صوبائی وزیر نے کہا کہ عالمی یوم مزدور منانے کا مقصد شکاگو کے محنت کشوں کی جدوجہد کی یاد تازہ کرنا ہے انسانی تاریخ میں محنت و عظمت اور جدوجہد سے بھرپور استعارے کا دن یکم مئی ہے۔

## یکم مئی، حکومت محنت کشوں کیساتھ کھڑی ہے، سردار کھیتران

**یوم مزدور محنت اور حقوق کے اعتراف کا دن، حکومت ملازمین کے حقوق کیلئے سنجیدہ اقدامات کر رہی ہے**

کوئٹہ (ث ن) صوبائی وزیر پی اینڈ ڈی سردار عبدالرحمان کھیتران نے یوم مزدور کے موقع پر تمام محنت کش طبقات بشمول سرکاری ملازمین، فیلڈ اسٹاف، دفاتر میں خدمات انجام دینے والے اہلکاروں اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے جوانوں کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ یوم مزدور محنت، دیانتداری اور حقوق کے اعتراف کا دن ہے اور بلوچستان حکومت محنت کشوں کے ساتھ کھڑی ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ دن ہمیں یاد دلاتا ہے کہ ہر وہ شخص جو معاشرے کی بہتری کے لیے اپنی صلاحیتیں بروئے کار لا رہا ہے وہ لائق تحسین ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان حکومت سرکاری ملازمین اور مزدوروں کی فلاح کے لیے تنخواہوں، سہولیات اور تحفظ حقوق کے لیے سنجیدہ اقدامات کر رہی ہے۔ انہوں نے قانون نافذ کرنے والے اداروں کے کردار کو بھی سراہتے ہوئے کہا کہ ان کی قربانیاں ناقابل فراموش ہیں۔ انہوں نے یوم مزدور کے موقع پر کہا کہ ہم سب کو اپنے معاشرے میں محنت کی عزت، انصاف اور برابری کے اصولوں کو فروغ دینا چاہئے، بلوچستان حکومت اپنے محنت کشوں کے شانہ بشانہ کھڑی ہے اور ان کی فلاح و بہبود کے لئے ہر ممکن اقدامات جاری رکھے گی۔

## محنت کشوں کے سماجی تحفظ کیلئے اقدامات کر رہے ہیں، صادق عمرانی

**[illegible] صوبائی وزیر کا یوم مزدور پر پیغام**

کوئٹہ (ث ن) سینئر صوبائی وزیر میر محمد صادق عمرانی نے عالمی یوم مزدور پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ دنیا کی ترقی و خوشحالی مزدور طبقے کی مرہون منت ہے کیونکہ زندگی کے کسی بھی شعبے سے مزدور کی محنت نکال دی جائے تو [illegible] زندگی مفلوج ہو جائے گی، صوبائی حکومت بلوچستان کے مزدور طبقے کی اہمیت اور ان کے درپیش مسائل سے آگاہ ہے اس حوالے سے مزدوروں اور محنت کشوں کے بچوں کی تعلیم و صحت کی بہتر سہولیات سمیت سماجی تحفظ فراہم کرنے کیلئے عملی اقدامات کئے جا رہے ہیں [illegible] حقوق کے حصول کیلئے جدوجہد کو یقینی بنایا جائے تاکہ وہ باعزت طریقے سے روزی کما کر اپنے خاندانوں کی کفالت کر سکیں۔

## بلوچستان کی صنعتوں کے مسائل کا حل یقینی بنائیں گے، ہارون اختر خان

**مشیر برائے صنعتی پیداوار کا چیمبر آف کامرس، صنعتی و تجارتی تنظیموں کے وفد سے خطاب**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) وزیراعظم کے مشیر برائے صنعتی پیداوار ہارون اختر خان نے کہا ہے کہ بلوچستان میں صنعت و تجارت سے وابستہ افراد کو درپیش مشکلات و مسائل کے حل کے لئے ہر ممکن اقدامات اٹھائے جائیں گے پیداواری شعبہ جات کی ترقی ہی ملک اور صوبوں کی معاشی ترقی کی ضامن ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے مختلف چیمبر آف کامرس کے عہدیداران، صنعتی و تجارتی تنظیموں کے نمائندوں کے اجلاس سے ویڈیو لنک خطاب کرتے ہوئے کیا اجلاس میں ایوان صنعت و تجارت کوئٹہ بلوچستان کے صدر حاجی محمد ایوب مریانی، سینئر نائب صدر حاجی اختر کاکڑ نے زوم لنک کے ذریعے شرکت کی مشیر نے کہا کہ وزیراعظم شہباز شریف کی ہدایت پر ہونے والے اس اجلاس کا مقصد ملک بھر میں صنعتی پیداوار میں رکاوٹ بننے والے عوامل اور ان کی وجوہات بارے جاننا ہے انہوں نے کہا مجھے خوشی ہے کہ ملک بھر سے چیمبر آف کامرس کے عہدیداران و ممبران اور صنعتی و تجارتی تنظیموں کے نمائندوں کی جانب سے تمام درپیش مسائل سے آگاہ کیا گیا اور اس بابت مختلف تجاویز دی گئی ہم صنعتوں کو درپیش مسائل کے حل کے لئے اقدامات اٹھائیں گے۔

MASHRIQ QUETTA

## پاکستانی اپنی دھرتی کا دفاع کرنا جانتے ہیں، بخت محمد کاکڑ

**بھارت کی [illegible] ہم اپنی افواج کے شانہ بشانہ [illegible]**

**یہ ناکام ریاست ہمیشہ اپنی ناکامی کا ملبہ پاکستان پر ڈالنے کی ناکام کوشش کرتا ہے**

کوئٹہ (اے این این) صوبائی وزیر صحت بلوچستان بخت محمد کاکڑ نے کہا ہے کہ بھارت دہشت گرد ریاست ہے پاکستان کا دفاع اپنے خون سے کریں گے۔ بلوچستانی قوم پاک فوج کے ساتھ ہے انڈیا پاکستان سے لڑنے کی کوشش کر رہا ہے جس میں وہ ہر محاذ پر ناکام ہوگا انہوں نے کہا کہ بھارت کشمیر میں مظالم کر رہا ہے ہمارا ملک اور فوج کمزور نہیں ہے ہندوستان ازلی دشمن ہے جس سے ہمارے اکائی کوئی [illegible] نہیں ہے ........

بقیہ 61 صفحہ نمبر 7 پر

اپنی دھرتی کا دفاع کرنا جانتے ہیں بھارتی جارحیت [illegible] کے سوا کچھ نہیں ہے اگر جنگ کرنا چاہے تو ہم تیار ہے

حکومتی سرگرمیاں

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Daily: Tribune Express Karachi

Dated: 01 MAY 2025

Page No. 13

# Balochistan govt to advertise BPS 1-15 jobs

## Provincial cabinet decides to release existing wheat stock in the open market

SYED ALI SHAH
QUETTA

Balochistan Cabinet has given a nod to advertise vacant government positions from grade 1 to 15 in order to create employment opportunities for the people of the province.

The provincial cabinet also decided to immediately release the existing wheat stock in the open market in a bid to ensure smooth supply of the staple food. However, it has decided against procuring more wheat now to maintain stocks.

It also approved Rs140 million funds for the Quetta Safe City Project and directed the concerned authorities to complete the project by June.

A meeting of the Balochistan Cabinet, chaired by Chief Minister Mir Sarfraz Bugti, was held on Tuesday at the Chief Minister's Secretariat. The session focused on national and provincial matters and approved several significant decisions.

At the start of the meeting, the cabinet strongly condemned India's allegations against Pakistan following the Pahalgam incident. The ministers expressed regret over India's provocative approach despite Pakistan's offer for transparent investigations. They warned that such actions could threaten regional stability.

The cabinet also expressed deep sorrow over the tragic incident in Nushki and extended solidarity with the affected families. The chief minister praised the timely response of the health department and rescue services during the relief operation.

The Balochistan cabinet decided to take immediate action against smuggling across the province and ordered a thorough investigation into the Nushki incident.

A number of legal and administrative reforms were approved during the session. These included the establishment of a special court to protect the property of overseas Pakistanis, amendments to the Anti-Terrorism Act, and the creation of a Center of Excellence for Countering Extremism. Improvements in the civil servants and employees benefit policy were also passed.

For environmental protection, the cabinet approved new regulations including a Ship Recycling Law and measures for ending bonded labour and safeguarding the rights of persons with disabilities.

حکومتی سرگرمیاں

CLIPPING SERVICE
DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN
نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 2
Daily: JANG QUETTA
Dated: 01 MAY 2025 Page No. 14

## اداروں کوزیادہ شفاف بنانے کیلئے اصلاحات کی ضرورت ہے، شکیل قادر خان

### محکمے ترقیاتی منصوبوں کی کانسپٹ پیپر تیار کرکے پی اینڈ ڈی بھجوادیں، سیکرٹریز کمیٹی سے خطاب

کوئٹہ (خ ن) چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان نے کہا ہے کہ صوبے میں گڈ گورننس کو یقینی بنانے کے لیے کئی اہم شعبوں پر توجہ مرکوز کرنا ضروری ہے، حکومتی اداروں کو زیادہ موثر، شفاف اور جوابدہ بنانے کے لیے اصلاحات کی ضرورت ہے۔ اس میں سول سروس میں میرٹ کی بنیاد پر تقرریاں اور ترقی، تربیت اور استعداد کار میں اضافہ اور کارکردگی کا باقاعدگی سے جائزہ لیں گے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے سیکرٹریز کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔ اجلاس میں فائل ٹریکنگ سسٹم، آئی پی ایم ایس، دوہری نوکریاں، ترقیاتی منصوبوں میں تیزی سمیت دیگر اہم امور کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں چیئرمین سی ایم آئی ٹی محمد علی کاکڑ، ایڈیشنل چیف سیکریٹری ترقیات حافظ عبد الباسط سمیت تمام سیکرٹریز نے شرکت کی۔ چیف سیکرٹری نے کہا کہ تمام سیکرٹریز ضلعوں میں اپنے عملے کی حاضری کو یقینی بنائے تمام محکمے اگلے پی ایس ڈی پی کے لئے ترقیاتی منصوبوں کی کانسپٹ پیپر تیار کرکے پی اینڈ ڈی بھجوادیں۔ صوبے میں ترقیاتی منصوبوں پر کام تیز کرکے مقررہ مدت میں تکمیل کو یقینی بنایا جائے کیونکہ ان منصوبوں کی تکمیل سے صوبہ ترقی اور لوگوں کی معیار زندگی بہتر ہوگی۔ چیف سیکرٹری نے دوہری نوکریاں کرنے والوں کے خلاف کارروائی تیز کرنے کی ہدایت کی اور کہا کہ صوبے میں فلیگ شپس منصوبوں کا مقصد وسیع تر اہداف اور ترجیحات کا انتہائی نمایاں، اثر انگیز اور علامتی ہونا ہوتا ہے۔ صوبائی حکومت ان منصوبوں کو عام طور پر ان کی اسٹریٹجک اہمیت کی وجہ سے خاطر خواہ سرمایہ کاری اور توجہ حاصل کی جائیگی۔ انہوں نے کہا کہ صوبائی حکومت عوام کو روزگار کی فراہمی کے لیے کوشاں ہے۔ سرکاری اور نجی شعبے میں ملازمتیں پیدا کی جائیں گی۔ نوجوانوں کے لیے روزگار کے مواقع ان میں محکمہ انرجی، معدنیات، لی ویٹ، مائیکرو فنانس آسامیاں تخلیق کرے گی اس کے علاوہ اور بھی بہت سے محکمے ہیں جن میں روزگار کے مواقع تلاش کئے جاسکتے ہیں۔

MASHRIQ QUETTA



چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان سیکرٹریز کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

## اداروں کو زیادہ موثر، شفاف اور جوابدہ بنانے کیلئے اصلاحات ناگزیر ہیں، چیف سیکرٹری

### سول سروس میں میرٹ کی بنیاد پر تقرریاں اور ترقی، تربیت اور استعداد کار میں اضافہ اور کارکردگی کا باقاعدگی سے جائزہ لیں گے

### صوبے میں گڈ گورننس کو یقینی بنانے کیلئے کئی شعبوں پر توجہ مرکوز کرنا ہوگی، تمام سیکرٹریز ضلعوں میں اپنے عملے کی حاضری کو یقینی بنائے

کوئٹہ (آن لائن) چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان نے کہا ہے کہ صوبے میں گڈ گورننس کو یقینی بنانے کے لیے کئی اہم شعبوں پر توجہ مرکوز کرنا ضروری ہے، حکومتی اداروں کو زیادہ موثر، شفاف اور جوابدہ بنانے کے لیے اصلاحات کی ضرورت ہے۔ اس میں سول سروس میں میرٹ کی بنیاد پر تقرریاں اور ترقی، تربیت اور استعداد کار میں اضافہ اور کارکردگی کا باقاعدگی سے جائزہ لیں گے۔ ان

.......... بقیہ 48 صفحہ نمبر 7 پر

خیالات کا اظہار انہوں نے سیکرٹریز کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔ اجلاس میں فائل ٹریکنگ سسٹم، آئی پی ایم ایس، دوہری نوکریاں، ترقیاتی منصوبوں میں تیزی سمیت دیگر اہم امور کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں چیئرمین سی ایم آئی ٹی محمد علی کاکڑ، ایڈیشنل چیف سیکریٹری ترقیات حافظ عبد الباسط سمیت تمام سیکرٹریز نے شرکت کی۔ چیف سیکرٹری نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ تمام سیکرٹریز ضلعوں میں اپنے عملے کی حاضری کو یقینی بنائے۔ انہوں نے کہا کہ تمام محکمے اگلے پی ایس ڈی پی کے لئے ترقیاتی منصوبوں کی کانسپٹ پیپر تیار کرکے پی اینڈ ڈی بھجوادیں۔ صوبے میں ترقیاتی منصوبوں پر کام تیز کرکے مقررہ مدت میں تکمیل کو یقینی بنایا جائے کیونکہ ان منصوبوں کی تکمیل سے صوبہ ترقی اور لوگوں کی معیار زندگی بہتر ہوگی۔ اس موقع پر اجلاس کو بتایا گیا کہ صوبے میں جو افراد دوہری نوکریاں رکھتے ہیں۔

**CLIPPING SERVICE**

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Bullet No. 2

Daily: MASHRIQ QUETTA

15

Dated: 01 MAY 2025 Page No.


## ضلعی انتظامیہ کوئٹہ کے عوام کو ریلیف فراہم کرنے کیلئے کوشاں ہے، ڈی سی

### تندور مالکان کو ہر صورت سرکاری نرخنامے پر عملدرآمد کرنا ہوگا، نمائندہ وفد سے گفتگو

کوئٹہ (خ ن) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ لیفٹیننٹ (ر) سعد بن اسد کی زیر صدارت شہر میں روٹی کی قیمتوں سے متعلق ایک اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں تندور ایسوی ایشن اور انجمن تاجران (امرالدین آغا گروپ) کے نمائندگان نے شرکت کی۔ اجلاس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (جنرل) محمد انور کاکڑ، اسسٹنٹ کمشنر (سٹی) کیپٹن (ر) عبداللہ بن عارف، انجمن تاجران کے صدر سید امرالدین آغا، اور تندور ایسوی ایشن کے صدر محمد رضا بھی شریک ہوئے ......... بقیہ 34 صفحہ نمبر 7 پر

بقیہ 34 صفحہ نمبر 7 پر

۔ اجلاس میں روٹی کی موجودہ قیمتوں اور وزن سے متعلق تفصیلی بات چیت ہوئی۔ ڈپٹی کمشنر کوئٹہ نے واضح کیا کہ ضلعی انتظامیہ کی جانب سے جاری کردہ سرکاری نرخنامے پر عملدرآمد ہر حال میں عمل درآمد لازم ہے، اور اس کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی جی کہ انہیں جیل بھی بھیجا جا سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ضلعی انتظامیہ کوئٹہ کے عوام کو ریلیف فراہم کرنے کے لیے تمام ممکنہ اقدامات اٹھا رہی ہے۔ اجلاس میں تندور ایسوی ایشن نے سرکاری نرخنامے پر مکمل عملدرآمد کا عزم ظاہر کرتے ہوئے ضلعی انتظامیہ سے تعاون کی یقین دہانی کرائی۔

## بی سی صوبے میں قیام امن کیلئے ہمہ وقت مستعد رہتی ہے، ڈپٹی کمانڈنٹ

### پی ٹی سی کوئٹہ کے زیر تربیت انسپکٹرز کے بدر لائن مطالعاتی دورے پر گفتگو

کوئٹہ (پ ر) پولیس ٹریننگ کالج کوئٹہ سے زیر تربیت انسپکٹرز نے بلوچستان کانسٹیبلری ہیڈ کوارٹر بدر لائن کوئٹہ کا مطالعاتی دورہ کیا۔ جس میں ڈپٹی کمانڈنٹ بلوچستان کانسٹیبلری لیفٹیننٹ کمانڈر (ر) عطاء اللہ شاہ (پی ایس پی) اور ایس ایس پی ہیڈ کوارٹر نے شرکت کی۔ اس دوران ڈپٹی کمانڈنٹ بلوچستان کانسٹیبلری نے بریف کیا کہ صوبہ بلوچستان کے دیہی اور شہری علاقوں میں امن و امان کو قائم رکھنے کے لیے بلوچستان کانسٹیبلری کے اہلکاران ......... بقیہ 39 صفحہ نمبر 7 پر

بقیہ 39 صفحہ نمبر 7 پر

کو تعینات کیا جاتا ہے۔ بلوچستان کانسٹیبلری فورس کے ڈسپلن اور مورال کو بلند رکھنے کے لیے وقتاً فوقتاً کورسز کروائے جاتے ہیں۔ ماضی میں بلوچستان کانسٹیبلری کوئٹہ شہر میں کرفیو ڈیوٹی، دھرنا ڈیوٹیوں کے علاوہ ہنگامہ آرائی کے دوران بھی بہترین فرائض سر انجام دیتی رہی ہے۔ موجودہ حالات میں بلوچستان کانسٹیبلری کا SPU دستہ بلوچستان کے مختلف مقامات میں غیر ملکیوں کے ہمراہ سیکورٹی اور UN کے ساتھ بھی ڈیوٹی سر انجام دے رہے ہیں۔ ڈپٹی کمانڈنٹ بلوچستان کانسٹیبلری لیفٹیننٹ کمانڈر (ر) عطاء اللہ شاہ (پی ایس پی) نے کہا کہ بلوچستان کانسٹیبلری کے RRG اور ایلیٹ کوالیفائیڈ کے دستے کسی بھی وقت ہر قسم کے حالات سے نمٹنے کے لیے تیار رہتے ہیں۔ پولیو ڈیوٹی، ہائی کورٹ، ریڈ زون اور اہم سرکاری عمارات، ایر پورٹس، اس کے علاوہ وفاقی و صوبائی اداروں کی سیکورٹی ڈیوٹیاں بلوچستان کانسٹیبلری سر انجام دیتی ہے جس کی وجہ سے صوبہ بھر میں امن و امان قائم رہتا ہے۔ اس کے علاوہ ڈسٹرکٹ پولیس کو جب بھی جہاں بھی ضرورت ہو تو بلوچستان کانسٹیبلری ان کے ہمراہ لا اینڈ آرڈر کی ڈیوٹی سر انجام دیتی ہے۔ آخر میں شیلڈز کا تبادلہ ہوا۔

## بی ایف اے فوڈ سیفٹی کلچر کے فروغ کیلئے پر عزم ہے، ترجمان

### پشین اور کوئٹہ میں مختلف انسپکشن ٹیموں نے خوراک فراہمی کے مراکز کا معائنہ

### غیر معیاری خوراک کی فراہمی اور فوڈ سیفٹی قوانین کی خلاف ورزی پر 15 مالکان جرمانہ

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان فوڈ اتھارٹی کی جانب سے فوڈ سیفٹی کلچر کے فروغ اور ناقص خوراک کے خاتمے کیلئے اقدامات کا سلسلہ بلا تعطل جاری ہے۔ اسی سلسلے میں پشین اور کوئٹہ میں اتھارٹی کی انسپکشن ٹیموں نے مختلف خوراک کے مراکز کا معائنہ کیا، جہاں حفظان صحت کے اصولوں کی خلاف ورزی، غیر معیاری خوراک کی فراہمی ......... بقیہ 64 صفحہ نمبر 7 پر

بقیہ 64 صفحہ نمبر 7 پر

اور فوڈ سیفٹی قوانین کی عدم پاسداری پر 15 سے زائد مراکز کے مالکان پر جرمانے عائد کیے گئے۔

Century Express Quetta

## نیا NFC ایوارڈ، سندھ، بلوچستان کے ٹیکنو کریٹ ممبر نامزد

### سندھ کا آبادی، پختونخواہ کا ضم اضلاع کی بنیاد پر اضافی شیئر کا مطالبہ

### پنجاب اور خیبر پختونخواہ سے نام ملنے پر کمیشن کی تشکیل مکمل ہو گی

اسلام آباد (ارشاد انصاری سے) وفاقی حکومت نے نئے قومی مالیاتی ایوارڈ کیلئے 11 واں کمیشن تشکیل دینے کا فیصلہ کر لیا۔ ذرائع کے مطابق سندھ نے اسد سعید، بلوچستان نے قیصر بنگالی کو ٹیکنو کریٹ ممبر نامزد کیا ہے، پنجاب اور خیبر پختونخواہ سے نام ملنے پر (باقی صفحہ 5 نمبر 29)

(باقی صفحہ 5 نمبر 29)

کمیشن کی تشکیل مکمل ہو گی، وزیر خزانہ، چیئرمین ایف بی آر اور سیکرٹری خزانہ آفیشل ایکسپرٹ ہوں گے، کمیشن مکمل ہونے پر ٹی او آرز جاری اور محاصل میں صوبوں کے حصے اور ٹیکسوں کے امور طے ہوں گے، نئے تشکیل شدہ کمیشن سے متعلق آئی ایم ایف کو آگاہ کیا جائے گا۔ ذرائع نے کہا کہ این ایف سی ایوارڈ کیلئے ورکنگ گروپ تشکیل دیئے جائیں گے جو اپنی رپورٹس کمیشن کو پیش کریں گے، صوبوں نے شیئرز بڑھانے کی تجاویز دی ہیں۔

CamScanner

سیاسی جماعتیں | امن وامان

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Bullet No. 3

Daily: JANG QUETTA 16

Dated: 01 MAY 2025 Page No.

پہلگام واقعے پر بھارتی الزامات من گھڑت، بے بنیاد

# پاکستان اپنے قومی مفادات کے تحفظ کیلئے کسی قربانی سے دریغ نہیں کریگا

بلوچستان اسمبلی

بھارت کا مقصد پاکستان کو عالمی سطح پر بدنام کرنا اور خطے کے امن کو خطرے میں ڈالنا ہے، بلوچستان کے عوام اپنی مسلح افواج کے شانہ بشانہ، بھارت کی کسی بھی مہم جوئی کا منہ توڑ جواب دینگے

وفاقی حکومت بھارت کے اشتعال انگیز اقدامات اقوام متحدہ اور عالمی برادری کے سامنے اجاگر کرے، میر زرین مگسی، سردار عبدالرحمن کھیتران، غزالہ گولہ، یونس زہری، عاصم کرد گیلو، بخت محمد کاکڑ، نور محمد دمڑ، مینا مجید اور دیگر ارکان کا اظہار خیال

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) بلوچستان اسمبلی میں مقبوضہ کشمیر کے علاقے پہلگام میں ہونے والے دہشت گردی کے واقعے میں بھارت کی جانب سے بغیر کسی ثبوت کے پاکستان پر لگائے جانے والے حالیہ بے بنیاد اور من گھڑت الزامات کو مسترد کرنے کی قرارداد متفقہ طور پر منظور، پاکستان پرامن ملک ہے جو امن، ہم آہنگی اور باہمی احترام کے اصولوں پر یقین رکھتا ہے، تاہم پاکستان اپنی خودمختاری، سلامتی اور قومی مفادات کے تحفظ کے لئے کسی بھی قربانی سے دریغ نہیں کرے گا، قرارداد پر حکومتی اور اپوزیشن ارکان کا اظہار خیال۔ بلوچستان اسمبلی کا اجلاس بدھ کو 45 منٹ کی تاخیر سے اسپیکر کیپٹن (ر) عبدالخالق اچکزئی کی صدارت میں شروع ہوا۔ اجلاس میں پارلیمانی سیکرٹری زرین خان مگسی نے ایوان کے تمام ارکان کی مشترکہ قرارداد پیش کرتے ہوئے کہا کہ یہ ایوان 22 اپریل 2025 کو مقبوضہ کشمیر کے علاقے پہلگام میں ہونے والے دہشت گردی کے واقعے میں بھارت کی جانب سے بغیر کسی ثبوت کے پاکستان پر لگائے جانے والے حالیہ بے بنیاد اور من گھڑت الزامات کو سختی سے مسترد کرتا ہے جن کا مقصد پاکستان کو نہ صرف عالمی سطح پر بدنام کرنا ہے بلکہ خطے میں امن و استحکام کو بھی خطرے میں ڈالنا ہے، یہ ایوان واضح کرتا ہے کہ پاکستان پرامن ملک ہے جو ہمیشہ علاقے میں امن، ہم آہنگی اور باہمی احترام کے اصولوں پر یقین رکھتا ہے، تاہم پاکستان اپنی خودمختاری، سلامتی اور قومی مفادات کے تحفظ کے لئے کسی بھی قربانی سے دریغ نہیں کرے گا، یہ ایوان بھارتی حکومت کی جانب سے پہلگام میں ہونے والے واقعے میں پاکستان کو جوڑنے کی کوششوں کی بھرپور الفاظ میں مذمت کرتا ہے اور ان الزامات کو سیاسی مقاصد کے لئے بدنیتی پر مبنی چال قرار دیتا ہے اگر بھارت نے کسی بھی قسم کی مہم جوئی اور جارحیت کی کوشش کی تو ہماری بہادر مسلح افواج ماضی کی طرح پوری طاقت سے ترکی بہ ترکی منہ توڑ جواب دے گی اور کسی بھی جوابی کارروائی کے دوران پورا ملک خصوصاً بلوچستان کے غیور عوام اپنے بہادر مسلح افواج کے شانہ بشانہ کھڑے ہیں، یہ ایوان اس بات پر زور دیتا ہے کہ بھارت نے ماضی میں بھی داخلی ناکامیوں اور سیاسی دباؤ سے توجہ ہٹانے کے لئے ایسے ہی ہتھکنڈے استعمال کئے اور جاری مہم بھی اس سلسلے کی ایک کڑی ہے، مزید براں یہ ایوان بھارتی حکومت کی جانب سے سندھ طاس معاہدے کو یکطرفہ طور پر معطل کرنے کے اقدام کو سختی سے مسترد کرتا ہے اور اسے بین الاقوامی معاہدے کی صریح خلاف ورزی اور جنگی اقدام قرار دیتا ہے، نیز یہ ایوان کشمیری عوام کی ان کے ناقابل تنسیخ حق خودارادیت کی جدوجہد میں ان کی غیر متزلزل اخلاقی، سیاسی اور سفارتی حمایت جاری رکھنے کا اعادہ بھی کرتا ہے، یہ ایوان وفاقی حکومت سے مطالبہ کرتا ہے کہ وہ بھارت کی جانب سے حالیہ اشتعال انگیز اقدامات اور مختلف ممالک بشمول پاکستان کی سرزمین پر دہشت گردی کی کارروائیوں میں ملوث ہونے پر فوری طور پر اقوام متحدہ او آئی سی اور عالمی برادری کے سامنے اجاگر کرے۔ قرارداد کی موزونیت پر بات کرتے ہوئے میر زرین مگسی نے کہا کہ بلوچستان کے عوام ملک کے استحکام کیلئے پاک فوج کے شانہ بشانہ کھڑے ہیں۔ صوبائی وزیر سردار عبدالرحمن کھیتران نے کہا کہ جب بھی پاکستان کی سالمیت کی بات آتی ہے تو بلوچستان کے لوگ سب سے آگے ہوتے ہیں، بھارت سب سے بڑا دہشتگرد ہے اور بلوچستان میں ہونیوالے دہشتگردی کے واقعات میں ملوث ہے، بھارت نے جارحیت کی کوشش بھی کی تو اسے منہ توڑ جواب دیا جائے گا۔ ڈپٹی اسپیکر بلوچستان اسمبلی غزالہ گولہ نے کہا کہ پاکستان نے ہمیشہ دہشت گردی کی مخالفت کی ہے بھارت الزامات کی بجائے ثبوت پیش کرنے میں ناکام رہا ہے۔ قائد حزب اختلاف یونس عزیز زہری نے کہا کہ جب فوج سرحدوں کا رخ کریگی تو جمعیت کا ایک ایک کارکن اپنی مسلح افواج کے ساتھ ہوگا اور بھارت کو اینٹ کا جواب پتھر سے دیا جائے گا۔ صوبائی وزیر ریونیو میر عاصم کرد گیلو نے کہا کہ پاکستان نے پہلگام واقعہ کی مذمت کرتے ہوئے عالمی برادری سے تحقیقات کا مطالبہ کیا ہے۔ صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ نے کہا کہ بلوچستان اسمبلی میں مشترکہ قرارداد پیش کرکے پوری دنیا کو یہ پیغام دیا ہے کہ بلوچستان میں منتخب نمائندے اور صوبے کے لوگ ریاست پاکستان کے ساتھ کھڑے ہیں۔ صوبائی وزیر نور محمد دمڑ نے کہا کہ بھارت کسی بھی فورم پر ثبوت پیش نہیں کرسکا ہے، بھارت نے اگر جنگ مسلط کرنے کی کوشش کی تو اس کو منہ توڑ جواب دیا جائے گا۔ پارلیمانی سیکرٹری مینا مجید نے کہا کہ پہلگام واقعہ کو بھارت نے پاکستان کے ساتھ جوڑنے کی کوشش کی یہ بھارت کا وطیرہ رہا ہے، قومی سلامتی کے معاملے پر ہم سب ایک پیج پر ہیں، اگر بھارت کی انٹیلی جنس اس قدر تیز ہے کہ اس نے پانچ منٹ کے اندر پاکستان کو پہلگام واقعہ کا ذمہ دار ٹھہرایا تو پھر حملے کی کیوں بروقت اطلاع نہیں دی۔ جماعت اسلامی کے رکن پارلیمانی سیکرٹری مجید بادینی نے کہا کہ بھارت کا وطیرہ رہا ہے کہ جب بھی وہاں انتخابات قریب آتے ہیں اپنے لوگوں کو قتل کرکے اس کا الزام پاکستان پر لگاتا ہے یہ ایوان بھارتی مسلمانوں کے ساتھ ہونیوالے مظالم کی مذمت کرتا ہے۔ پارلیمانی سیکرٹری برکت رند نے کہا کہ بلوچستان کے لوگ مسلح افواج کے شانہ بشانہ ہیں۔ پارلیمانی سیکرٹری حاجی ولی محمد نورزئی نے کہا کہ بھارت نے اپنی ناکامی چھپانے کیلئے پاکستان پر الزامات عائد کئے ہیں، بھارت دہشتگرد ملک ہے جو پاکستان اور بلوچستان میں دہشتگردی کے واقعات میں ملوث ہے۔ پارلیمانی سیکرٹری صمد گورگیج نے کہا کہ بلوچستان میں ہونیوالے دہشتگردی کے واقعات کا مقدمہ بھارت کے خلاف درج کیا جائے۔ بلوچستان نیشنل پارٹی کے میر جہانزیب مینگل نے کہا کہ مذمت سے کچھ نہیں ہوگا، اگر لڑنا ہے تو کچھ کر دکھانا ہوگا۔ پیپلز پارٹی کے رکن سنجے کمار نے کہا کہ مودی بوکھلاہٹ کا شکار ہے اس کا انتخابی منشور ہی پاکستان پر الزامات لگانا رہا ہے، پاکستان میں آباد اقلیت ملکی سلامتی اور استحکام کیلئے مسلح افواج کے ساتھ کھڑی ہیں۔ پیپلز پارٹی کے رکن حاجی علی مدد جتک نے کہا کہ بلوچستان کے عوام پاک فوج اور پاکستان کے ساتھ کھڑے ہیں، مودی کے لئے پیغام ہے کہ پاک فوج بھارت کو موثر جواب دینے کی صلاحیت رکھتی ہے، اگر اس نے پاکستان کی جانب میلی آنکھ سے دیکھا تو بلوچستان کے عوام مقابلے میں سب سے آگے ہوں گے اور بھارت کا وہ حشر کیا جائیگا جو اس کی دس نسلیں یاد رکھیں گی۔ نیشنل پارٹی کے رکن رحمت صالح بلوچ نے کہا کہ بھارتی الزامات دنیا کو بیوقوف بنانے کی کوشش ہے، اگر بھارت نے خطے میں جنگ چھیڑی تو یہ اس کی بربادی ہوگی۔ پاکستان مسلم لیگ (ن) کے رکن زرک مندوخیل نے کہا کہ اقوام متحدہ پہلگام واقعے کا نوٹس لے کر اس کی تحقیقات کرائے۔ عوامی نیشنل پارٹی کے رکن انجینئر زمرک خان اچکزئی نے کہا کہ جنگ کسی مسئلے کا حل نہیں، اگر بھارت نے جنگ چھیڑی تو اپنے ملک کا بھرپور دفاع کریں گے۔ نیشنل پارٹی کے رکن خیر جان بلوچ نے کہا کہ پاکستان ذمہ دار ملک ہونے کے ناطے صبروتحمل سے چیزوں کو دیکھ رہا ہے، ہم ملک کی سالمیت کے ساتھ ہیں، بھارت کی جنگی جنونیت اس کو لے ڈوبے گی۔ مسلم لیگ (ن) کے اقلیتی رکن

اشوک کمار نے کہا کہ پہلگام واقعہ بھارت کی خفیہ اداروں کی ناکامی ہے، جس کا الزام پاکستان پر لگایا جارہا ہے مودی خود دہشت گرد تنظیم کا سربراہ ہے۔ بعدازاں قرارداد متفقہ طور پر منظور کرلی گئی جس کے بعد اسپیکر کیپٹن (ر) عبدالخالق اچکزئی نے اسمبلی کا اجلاس جمعہ 2 مئی سہ پہر تین بجے تک ملتوی کردیا۔

## متفق و متحد ہوئے بغیر سنگین مسائل سے جان خلاصی ممکن نہیں، سیاسی جماعتیں

### مل کر حالات کا مقابلہ کریں، حقیقی جمہوریت کو راستہ دیا جائے، وسائل لوٹے جا رہے ہیں، رہنماؤں کا خطاب

پشین (پ ر، نامہ نگار) پشتون قوم پرست مترقی وطن دوست جمہوری جماعتوں کے رہنماؤں نے کہا ہے کہ افغان کڈوال کی جبری بیدخلی نہ صرف پشتون افغان روایات کے منافی عمل ہے بلکہ بنیادی انسانی حقوق اور جنیوا کنونشن کی بھی سنگین خلاف ورزی ہے مسلط کردہ دہشت گردی پشتونوں کے وسائل کو لوٹنے کیلئے ہے، یہ لوٹ مار واپڈا، ارسا، پی پی ایل، ماری اور دیگر ناموں سے جاری ہے جو دراصل اٹھارویں ترمیم کو رول بیک کرنے اور باجوہ ڈاکٹرائن کی عکاسی کرتا ہے، پشتون بلوچ سیاسی کارکنوں پر سیاست کے دروازے بند ہیں، انہیں من گھڑت بے بنیاد مقدمات میں پابند سلاسل کیا جا رہا ہے، متفق و متحد ہوئے بغیر درپیش سنگین مسائل سے جان خلاصی ممکن نہیں، وقت آن پہنچا ہے کہ پشتون قومی مترقی جمہوری قوتیں مل کر حالات کا مقابلہ کریں۔ ان خیالات کا اظہار باچا خان چوک پشین میں پشتون قوم پرست جماعتوں کے زیر اہتمام احتجاجی جلسے سے عوامی نیشنل پارٹی کے صوبائی جنرل سیکرٹری مابت کاکا، پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے مرکزی سیکرٹری اطلاعات عیسیٰ روشان، نیشنل ڈیموکریٹک موومنٹ کے صوبائی صدر احمد جان خان ملک مجید کاکڑ، اے این پی کے مرکزی ایڈیشنل سیکرٹری جنرل عبیداللہ عابد صوبائی ایڈیشنل جنرل سیکرٹری عبدالباری کاکڑ روزی خان ایمار، پشتونخوا نیپ کے صوبائی ڈپٹی سیکرٹری خلیل ترین باری آغا محمد صادق کاکڑ پیر محمد اللہ رفیع اللہ نے خطاب میں کیا۔ مقررین نے کہا کہ افغانوں کے بدلے مفادات بٹورے گئے لیکن اب ان کیساتھ ناروا عمل اپنایا جا رہا ہے۔ مقررین نے کہا کہ حکمران گزشتہ سات دہائیوں سے پشتون بلوچ اقوام کے وسائل لوٹ رہے ہیں، لہذا ضرورت اس امر کی ہے کہ حقیقی جمہوریت کو راستہ دیا جائے، سیاسی سرگرمیوں اور میڈیا پر قدغن کسی صورت فیڈریشن کے حق میں نہیں، پشتونوں اور بلوچوں کے جذبات سے کھیلنے کے بجائے حل طلب مسائل کے حل کو اولیت دی جائے۔

## محنت کش انسان مشکلات سے دوچار ہو چکا ہے، پشتونخوا میپ

### شہدائے شکاگو نے 18 گھنٹے کی محنت 8 گھنٹے میں تبدیل کر کے محنت کشوں کیلئے نجات دہندہ کا کردار ادا کیا تھا

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا میپ کے مرکزی پریس ریلیز میں کہا گیا ہے کہ پارٹی یکم مئی شکاگو کے شہداء کی پر افتخار جدوجہد لازوال قربانیوں پر انہیں خراج عقیدت پیش کرتی ہے۔ یوم مئی دراصل ایک عالمی تہوار کی حیثیت رکھتا ہے کیونکہ یوم مئی کے شہداء نے 18 گھنٹے محنت کو 8 گھنٹے میں تبدیل کر کے محنت کشوں کے لئے عظیم نجات دہندہ کا کردار ادا کیا تھا۔ بیان میں کہا گیا کہ شکاگو کے شہداء کی قربانیوں سے عالم انسانیت کو 18 گھنٹے کی محنت اور مشقت 8 گھنٹے میں تبدیل ہوئی لیکن آج بھی دنیا کے غریب ممالک ومظلوم اقوام اور استحصال شدہ عوام دوہرے جبر کا شکار ہیں، دنیا کی استحصالی طاقتیں اپنے جابرانہ نظام سے غریب قوموں، پسماندہ ممالک وغریب اور محنت کش انسانوں کا استحصال جاری رکھے ہوئے ہیں۔ بیان میں کہا گیا کہ آج کا مزدور معاشی جدوجہد میں اپنے مسائل کا حل ڈھونڈتے ہیں دراصل معاشی جدوجہد کے ساتھ سیاسی جدوجہد لازمی اور ضروری ہے۔ عالمی تہوار کے اس دن ہمیں یہ عہد کرنا ہوگا کہ نوآبادیاتی، جدید نوآبادیاتی اور استحصالی نظام سے نجات کیلئے کام کرنا ہوگا۔ بیان میں ملک کے محنت کشوں سے اظہار یکجہتی کرتے ہوئے کہا گیا کہ محنت کش انسان مشکلات سے دوچار ہو چکا ہے، ملک پر عوام کے نمائندوں کی بجائے زرادر زور، خرید وفروخت کے نام نہاد نمائندے مسلط ہیں، ملک میں بیروزگاری، سخت ترین مہنگائی اور بدامنی اپنے عروج پر ہے۔ ملک میں سیاسی عدم استحکام سے ملک کے جاری بحران مزید گہرے ہوتے جا رہے ہیں اور عوام میں سخت مایوسی پھیلتی جا رہی ہیں، ملک کے ادارے کرپشن، بدعنوانی اور رشوت خوری اور پرستش کے شکار ہیں۔ اس دن کے حوالے سے یہ عہد کرنا ہوگا کہ ملک میں آئین کی بالادستی، پارلیمنٹ کی خودمختاری، جمہور کی حکمرانی اور ملک کو قوموں کی برابری کا حقیقی فیڈریشن بنانا ہوگا۔

## محنت کش طبقہ سیاسی معاشی وسماجی مشکلات کا شکار ہے، نیشنل پارٹی

### ٹریڈ وطلباء یونین پر پابندی نے متوسط اور عام طبقات کو فیصلہ سازی سے دور رکھا، بیان

کوئٹہ (پ ر) نیشنل پارٹی کے مرکزی ترجمان نے یوم مزدور کے موقع پر بیان میں کہا ہے کہ یکم مئی محنت کش طبقے کی جدوجہد اور اپنے کام سے سنجیدگی و کمٹمنٹ کی علامت ہے 1886ء کو مزدوروں نے حق وحقوق کی جدوجہد کی لازوال تاریخ رقم کیجو قربانیوں وجدوجہد کی تاریخی دن کے طور پر یاد رکھا جاتا ہے بیان میں کہا گیا کہ نیشنل پارٹی عام سیاسی کارکنوں کی جماعت ہے جو محنت کشوں کی جدوجہد کو قدر کی نگاہ سے دیکھتی ہے ملک میں محنت کش طبقہ شدید سیاسی معاشی و سماجی مشکلات کا شکار ہے۔ سرکار اشرافیہ پر مبنی ہے جو مزدور کا استحصال کرکے سیڑھیاں چڑھتا رہتا ہے بیان میں کہا گیا کہ ٹریڈ وطلباء یونین پر پابندی نے متوسط اور عام طبقات کو فیصلہ سازی سے دور رکھا۔ انتخابات میں دھاندلی واثر انداز ہو کر سیاسی کارکنوں کا راستہ روک کر اشرافیہ وغیر سیاسی لوگوں کو لائے جانے کی حتمی پالیسی نے ملک کو شدید سیاسی معاشی بحرانوں میں دھکیل دیا۔ بیان میں کہا گیا کہ نیشنل پارٹی عوام دوست سیاسی جماعت ہے جو عوام کو طاقت کا سرچشمہ سمجھتی ہے۔ جو ووٹ کی طاقت سے تبدیلی کو ممکن بنا سکتے ہیں۔ ملک کی بقاء ہی جمہور کی حکمرانی میں ہے اور نیشنل پارٹی فکری ونظریاتی طور پر جدوجہد کو جاری رکھے ہوئے ہے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Buliet No. 4

Dated: 01 MAY 2025 Page No. 18

## کوئٹہ: گاڑیاں چھیننے والے گروہ کے سرغنہ سمیت 2 ملزمان گرفتار

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) سیریس کرائم انوسٹی گیشن ونگ نے گاڑیاں چھیننے والے گروہ کے سرغنہ سمیت دو ملزمان کو گرفتار کرکے چھینی گئی گاڑی برآمد کرلی، ملزمان نے درجنوں گاڑیاں چھیننے اور چوری کرنے کا اعتراف کرلیا۔ پولیس کے مطابق 24 فروری کو زرغون آباد تھانے کی حدود سے دو مسلح افراد نے نواکلی کے رہائشی جلندر خان سے اسلحے کے زور پر گاڑی چھین کر فرار ہوگئے تھے، زرغون آباد پولیس نے مقدمہ درج کرکے کیس سیریس کرائم انوسٹی گیشن ونگ منتقل کیا جس پر ایس ایس پی اسریس کرائم انوسٹی گیشن ونگ زوبیب محسن نے ڈی ایس پی عبدالستار اچکزئی کی سربراہی میں ٹیم تشکیل دی جس نے جدید ٹیکنالوجی اور سی سی ٹی وی فوٹیج کی مدد سے دو ماہ میں ملزمان کا سراغ لگا کر گزشتہ روز کارروائی کرتے ہوئے گاڑیاں چھیننے والے گروہ کے سرغنہ رحمت اللہ کو ساتھی احمد شاہ سمیت گرفتار کرکے چھینی گئی گاڑی اور اسلحہ برآمد کرلیا۔ گرفتار ملزمان نے اپنے دیگر ساتھیوں کی نشاندہی کی ہے جن کی گرفتاری کیلئے ٹیم چھاپے مار رہی ہے۔

## بوستان: زیادتی کے بعد بچے کو قتل کرنیوالا ملزم گرفتار، اعتراف جرم کرلیا

**ملزم بچے کو قتل کرنے کے بعد قلعہ عبداللہ فرار ہوگیا تھا، واپسی کی اطلاع ملنے پر کارروائی کی گئی**

پشین (نامہ نگار) بوستان میں بچے کے ساتھ زیادتی کے بعد قتل کرنے کے مبینہ مرکزی ملزم کو گرفتار کرلیا گیا، ملزم نے اعتراف جرم بھی کرلیا۔ اسسٹنٹ کمشنر کاریزات امیر حمزہ نے تھانہ انچارج بوستان سید بشیر آغا کے ہمراہ پریس کانفرنس میں بتایا کہ 24 اپریل کی رات ایک بارہ سالہ بچہ شکیل احمد ولد رحمن حسین سکنہ پوئی ناصران لاپتہ ہوا، بعد ازاں جمعہ کی رات کو پوئی ناصران میں سرخ پہاڑ سے بچے کی لاش برآمد کرلی گئی، جس پر وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور چیف سیکرٹری نے نوٹس لیتے ہوئے ڈپٹی کمشنر پشین زاہد خان شیخ اور کاریزات انتظامیہ کو ملزم کی فوری گرفتاری کیلئے ہدایات جاری کیں۔ اطلاعی رپورٹ کے بعد لیویز نے ایس ایچ او بوستان اور ایس ایچ او خانوزئی کو خصوصی ٹاسک دیا۔ واردات کے بعد لیویز نے مختلف مقامات پر ملزم کا سراغ لگایا لیکن ملزم بچے کو قتل کرنے کے بعد قلعہ عبداللہ فرار ہوگیا تھا اور وہاں سے خفیہ طریقے سے گزشتہ روز بوستان واپس پہنچا تھا، جس پر ایس ایچ او بوستان لیویز تھانہ سید بشیر احمد آغا نے خفیہ اطلاع پر کارروائی کرتے ہوئے مبینہ مرکزی ملزم بسم اللہ کو گزشتہ شب گرفتار کرلیا۔

## اساتذہ بھرتی کا جھانسہ، جعلی فاؤنڈیشن کے چیئرمین سمیت 3 افراد گرفتار

**جن اسکولوں کا تقرری آرڈر دیا انکا وجود ہی نہیں، تالپور فاؤنڈیشن اور راسکو ٹیسٹنگ سروس کے دفتر سے اہم مواد برآمد**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) اینٹی کرپشن بلوچستان نے محکمہ تعلیم میں جعلی بھرتیوں اور فراڈ میں ملوث جعلی فاؤنڈیشن کے چیئرمین سمیت تین افراد کو گرفتار کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق ڈائریکٹر جنرل اینٹی کرپشن اسٹیبلشمنٹ بلوچستان عبد الواحد کاکڑ کو ڈائریکٹر ایجوکیشن اسکولز بلوچستان کی جانب سے ایک مراسلہ دیا گیا تھا جس میں بتایا گیا کہ تالپور فاؤنڈیشن بلوچستان اور راسکو ٹیسٹنگ سروس صوبے کے بے روزگار نوجوانوں سے جعلی ٹیسٹنگ سروس کے ذریعے بھاری رقوم وصول کرکے انہیں جعلی ٹیچنگ تقرری کے آرڈرز جاری کررہی ہے جس پر ڈی جی نے ڈپٹی ڈائریکٹر عظیم انجم کی سربراہی میں ٹیم تشکیل دی، ٹیم میں اسسٹنٹ ڈائریکٹر قمبر بلوچ اسسٹنٹ ڈائریکٹر عبد القیوم و دیگر افسران شامل تھے نے تالپور فاؤنڈیشن اور راسکو ٹیسٹنگ سروس کے جناح ٹاؤن میں واقع دفتر پر چھاپہ مار کر دفتر سے تقرری کے جعلی آرڈر، امیدواروں کے کوائف، جعلی ٹیسٹ کے ریکارڈ، لیپ ٹاپ، جعلی سرکاری خطوط و دفتری خط و کتابت سمیت اہم مواد قبضے میں لے کر فاؤنڈیشن کے چیئرمین محمد حیات راسکو ٹیسٹنگ کے سربراہ محمد عارف اور اکاؤنٹ افسر شاہ رخ خان کو گرفتار کرلیا۔ تحقیقات میں یہ بات بھی سامنے آئی کہ تالپور فاؤنڈیشن اسکولز کے نام پر 440 سے زائد امیدواروں کو مختلف تدریسی اسامیوں پر تقرری کے جعلی آرڈرز دیئے گئے، حالانکہ ایسے اسکولز بلوچستان میں سرے سے موجود ہی نہیں جبکہ تقریباً 1700 امیدواروں سے فی کس 380 روپے کی رقم ایک مخصوص بینک اکاؤنٹ میں جمع کروائی گئی اس مقصد کے لئے راسکو ٹیسٹنگ سروس نے ایک شادی ہال میں جعلی ٹیسٹ و انٹرویو کا انعقاد کیا، تالپور فاؤنڈیشن بلوچستان نے جعلی اساتذہ کی تقرریوں کے سلسلے میں پورے بلوچستان کے لئے 1535 اسامیوں کا اشتہار دیا تاکہ زیادہ سے زیادہ افراد سے دھوکہ دہی کے ذریعے رقم بٹوری جاسکے۔ گرفتار ملزمان سے مزید تفتیش جاری ہے۔

## ڈیرہ مراد، ڈیرہ اللہ یار، دو مختلف واقعات و حادثات میں 2 افراد ہلاک

**3 افراد زخمی ہوگئے، ایک شخص ٹرک کی ٹکر اور ایک فائرنگ سے زندگی کی بازی ہار گیا**

ڈیرہ مراد جمالی (نامہ نگار) ڈیرہ مراد جمالی اور ڈیرہ اللہ یار میں دو مختلف واقعات و حادثات میں دو افراد ہلاک جبکہ فائرنگ سے تین افراد شدید زخمی ہوگئے۔ زخمیوں میں دو کی حالت نازک بتائی جاتی ہے پولیس نے ضروری کارروائی کے بعد لاشیں ورثاء حوالے کردیں۔ پولیس کے مطابق ڈیرہ مراد جمالی میں پٹ فیڈر کینال قومی شاہراہ پر تیز رفتار ٹرک کی ٹکر سے ایک شخص صغیر خان جاں بحق ہوگیا جبکہ ڈیرہ اللہ یار میں مسلح افراد نے فائرنگ کرکے ایک شخص کو ہلاک کردیا۔ ملزمان فرار ہونے میں کامیاب ہوگئے۔ جبکہ تیسرے واقعہ میں اراضی کے تنازع پر دو قبائل کے درمیان تصادم کے دوران فائرنگ کے نتیجے میں تین افراد شدید زخمی ہوگئے۔ زخمیوں میں دو کی حالت نازک بتائی جاتی ہے۔ پولیس نے ضروری کارروائی کے بعد لاشیں ورثاء کے حوالے کردیں زخمیوں کو طبی امداد کے بعد لاڑکانہ منتقل کردیا گیا۔

## خضدار، فائرنگ سے ایک شخص جاں بحق

خضدار (نامہ نگار) لزو بند ایریا میں نامعلوم نقاب پوش موٹر سائیکل سواروں کی فائرنگ سے عنایت اللہ ولد حافظ عبدالرحیم محمد حسنی ساکن گدر موقع پر جاں بحق ہوگیا پولیس نے لاش ضروری کارروائی کے بعد لواحقین کے حوالے کردی۔

## پنجگور: لیویز اہلکار کی تشدد زدہ لاش برآمد

پنجگور (نامہ نگار) سی پیک روڈ نواز ہوٹل کے قریب لیویز کے اہلکار حسن جان ولد یار محمد کی تشدد زدہ لاش برآمد ہوئی لاش پر گولیوں کے نشانات بھی موجود تھے۔

Century Express Quetta

## جناح روڈ پر پولیس مقابلے میں 2 ڈاکو ہلاک

**لوٹ مار کی اطلاع پر پولیس پہنچی تو ڈاکوؤں نے فائرنگ کی، اہلکار زخمی**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) کوئٹہ کے علاقے جناح روڈ پرنی نالے کے قریب پولیس مقابلہ میں 2 ڈاکو ہلاک جبکہ ڈاکوؤں کی فائرنگ سے 1 پولیس اہلکار زخمی ہوگیا۔ پولیس حکام کے مطابق جناح روڈ پرنی نالے کے قریب ڈاکوؤں کی جانب سے لوٹ مار کی اطلاع پر پولیس اہلکار وہاں پہنچے تو مبینہ ڈاکوؤں کی فائرنگ سے 1 پولیس اہلکار زخمی ہوگیا۔ پولیس کی جوابی فائرنگ سے 2 ڈاکو ہلاک ہوگئے جن کی لاشیں شناخت کیلئے سول اسپتال منتقل کردی گئیں۔ زخمی پولیس اہلکار محمد ہاشم کو بھی سول ہسپتال میں داخل کرادیا گیا۔

MASHRIQ QUETTA

## ڈھاڈر، ڈاکوؤں کی نیشنل ہائی وے پر ناکہ بندی مسافروں کو لوٹ کر فرار

**منگل اور بدھ کی درمیانی شب مسافر کوچز و دیگر گاڑیوں کو روک کر بھاری لوٹ مار کی**

ڈھاڈر (نمائندہ خصوصی) مسلح ڈاکوؤں کی نیشنل ہائی وے پر ناکہ بندی مسافر کوچز اور گاڑیوں کے مسافروں سے لوٹ مار لاکھوں روپے نقد موبائل اور قیمتی سامان لے کر فرار احتجاجاً قومی شاہراہ بند پولیس نے رپورٹ درج کرلی اطلاعات کے مطابق منگل اور بدھ کی درمیانی شب ڈھاڈر پولیس ایریا براہم باران کے قریب سندھ بلوچستان قومی ہائی وے پر مبینہ طور پر ایک درجن سے زائد ڈاکوؤں نے روڈ پر رکاوٹیں کھڑی کرکے نائیٹ کوچوں .......... بقیہ 44 صفحہ نمبر 7 پر

اور دیگر چھوٹی بڑی گاڑیوں کے مسافروں اور گاڑیوں کی تلاشی لے کر ان سے بھاری رقوم قیمتی اشیاء موبائل فون اور سامان لوٹ لیا اس دوران ڈاکو ایک بڑے ٹرک پر لدی نئی زیرو میٹر موٹر سائیکلوں سے لدی گاڑی پر سوار ہو کر تین نئی موٹر سائیکل بھی اتار لیں واقعہ کے ردعمل میں مسافروں اور ٹرانسپورٹرز نے احتجاجاً ڈھاڈر بائی پاس پر کافی دیر تک قومی شاہراہ کو بلاک کردیا ایس ایس پی کچھی رانا دلاور کے مطابق اطلاع ملتے ہی پولیس فورس نے موقع پر پہنچ کر مذکورہ مقام کو گھیرے میں لے لیا جسکی وجہ سے کئی مسافر اور گاڑیوں کو لوٹنے سے بچا لیا گیا جبکہ فائرنگ کے تبادلے کے بعد ڈاکو رات کی تاریکی کا فائدہ اٹھا کر موقع سے لوٹے گئے نئے موٹر سائیکل اور دیگر سامان چھوڑ کر فرار ہوگئے پولیس نے کارروائی کے دوران تین موٹر سائیکل اور دیگر سامان برآمد کرکے تحقیقات شروع کردی ہیں ایس ایس پی کچھی نے صحافیوں سے بات چیت کرتے ہوئے بتایا کہ اطلاع ملتے ہی پولیس نے فوری کارروائی کی اور بہت جلد کسی بھی طرح ان عناصر کی تلاش اور نشاندھی کے لیے سخت کارروائیاں کی جائیں گی۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 5

Daily: Century Express Quetta

Dated: 01 MAY 2025

Page No. 19

## تندور ایسوسی ایشن نے ہڑتال 10 دن کیلئے موخر کردی

**6 دن تک مقررہ نرخ پر روٹی فروخت کرینگے تجزیہ کمیٹی نرخ نامہ جاری کرے گی**

**انتظامیہ گرفتار افراد کو رہا، سیل تندور کھول کر چھاپے نہیں مارے گی، ملک محمد رضا**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) آل بلوچستان تندور ایسوسی ایشن (رجسٹرڈ) کے صدر حاجی ملک محمد رضا خلجی نے کہا ہے کہ 6 دن تک انتظامیہ کے مقرر کردہ نرخ کے مطابق روٹی فروخت کریں گے جس کے بعد تجزیہ کمیٹی تمام چیزوں کا جائزہ لیکر اجلاس بلاکر نئے نرخ نامہ کا نوٹیفکیشن جاری کرے گی، 10 دن کیلئے ہڑتال موخر کرتے ہیں۔ انجمن تاجران کے صدر امر الدین آغا، فکری حمید ننگوئی و دیگر کے ہمراہ پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ روز کارکنان کے جلسہ کے دوران انجمن تاجران کے رہنماؤں نے ہمارے دفتر آکر ہماری کابینہ کے عہدیداروں سے مذاکرات اور ثالثی کا کردار ادا کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر کوئٹہ اور ان کی ٹیم سے بات کی جس کے بعد ہم تینوں نے دونوں فریقین کو بٹھا کر خوشگوار ماحول میں مذاکرات کیے، اجلاس میں فیصلہ ہوا کہ 6 دن کے اندر تجزیہ کمیٹی کا اجلاس بلاکر دوبارہ تمام چیزوں کے نرخ طے کرکے متفقہ طور پر نیا نوٹیفکیشن جاری کیا جائے گا۔ تفصیلات کے مطابق انتظامیہ نے اب جو ریٹ جاری کیا ہے اس کے چھ دن تک پابند ہیں نئے نرخ نامے تک چھاپے نہیں لگائے جائیں گے جو کارکن گرفتار ہیں ان کو رہا کیا جائے گا، تمام سیل تندور فوری طور پر کھول دیے جائیں گے۔

## فیڈرل لیویز ملازمین کمیٹی کا احتجاجی کیمپ لگانے کا اعلان

**وزیراعلیٰ کی یقین دہانی کے باوجود ایک سال سے عملدرآمد نہ ہو سکا، پروفیسر شیر حیدر**

**18 اضلاع کے ملازمین کے خاندان متاثر ہو رہے ہیں، عنایت اللہ و دیگر کے ہمراہ پریس کانفرنس**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) فیڈرل لیویز ملازمین کمیٹی کے سربراہ پروفیسر شیر حیدر شیرانی اور گل جان مری نے مطالبات کے حق میں ایک بار پھر احتجاجی کیمپ لگانے کا اعلان کرتے ہوئے کہا ہے کہ فیڈرل لیویز کے ریٹائرڈ ملازمین اپنے مطالبات کے حق کیلئے گزشتہ تین سال سے مسلسل جدوجہد کر رہے ہیں، وزیراعلیٰ بلوچستان کی یقین دہانی پر احتجاج ختم کیا لیکن ایک سال کا عرصہ گزرنے کے باوجود کوئی عملدرآمد نہیں ہو رہا جس کے بعد یہ امر مجبوری بھوک ہڑتال کا اعلان کر رہے ہیں، یہ بات انہوں نے عنایت اللہ کبزئی، خانان جوگیزئی، شاہ محمد کاکڑ، محمد طاہر دمڑ، یار محمد، حاجی شاہ ولی، ملک عبدالرحیم و دیگر کے ہمراہ کوئٹہ پریس کلب میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے کہا کہ اپنے مطالبات کے حق میں متعلقہ حکام سے ملاقاتیں کیں، عدالت عالیہ کا دروازہ کھٹکھٹایا جلسے اور ریلیوں کا انعقاد کیا۔ دو سال سے مختلف مواقع پر بلوچستان اسمبلی کے سامنے احتجاج کر رہے تھے، کوئٹہ پریس کلب کے سامنے احتجاجی کیمپ قائم اور احتجاج کیا گزشتہ سال وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے احتجاجی کیمپ کا دورہ کیا اور فیڈرل لیویز کے ریٹائرڈ ملازمین کو یقین دہانی کرائی تھی کہ ان کے مطالبات پر فوری احکامات جاری کئے جائیں گے، ایک سال سے زائد کا عرصہ گزرنے کے باوجود کوئی شنوائی نہیں ہو رہی۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان کی یقین دہانی پر احتجاج ختم کیا لیکن ایک سال کا عرصہ گزرنے کے باوجود کوئی عملدرآمد نہیں ہو رہا۔ انہوں نے کہا کہ 18 اضلاع کے ملازمین اور ان کے خاندان متاثر ہو رہے ہیں اور یہ ملازمین کا آئینی اور قانونی حق ہے لیکن لیویز کے ریٹائرڈ ملازمین در بدر کی ٹھوکریں کھا رہے ہیں ان کے گھروں کے چولہے ٹھنڈے پڑ گئے ہیں، یہ امر مجبوری ایک بار پھر بھوک ہڑتال شروع کرنے کا اعلان کرتے ہیں، مطالبات تسلیم ہونے تک جاری رکھیں گے۔

QUDRAT QUETTA

## اخباری صنعت بلوچستان کی ایکشن کمیٹی کا 3 مئی سے احتجاجی تحریک کا اعلان

**موجودہ حکومت اپنے تمام دعوؤں کے برعکس پوری صنعت کو بند کرنا چاہتی ہے، اخبار مارکیٹ بھی فنڈز نہ ہونے کے باعث مسائل سے دوچار ہے**

**مرحلہ وار احتجاجی تحریک میں تیزی اور شدت لاتے ہوئے احتجاجی ریلیوں، مظاہروں، دھرنوں، احتجاجی کیمپ اور بھوک ہڑتالی کیمپ کا انعقاد کیا جائے گا**

کوئٹہ (پ ر) ایکشن کمیٹی اخباری صنعت بلوچستان کا اجلاس زیر صدارت حاجی غفار لانگو منعقد ہوا۔ اجلاس میں اخبارات، جرائد کے مدیران نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔ جنرل سیکرٹری مرتضیٰ ترین نے ایکشن کمیٹی کی تمام کارکردگی اور ہونے والی پیشرفت بارے اجلاس میں

بقیہ 71 صفحہ 6 پر

موجود تمام مدیران کو تفصیل سے آگاہ کیا جس پر اجلاس نے مکمل اعتماد کا اظہار کیا۔ بعد ازاں اجلاس میں بلوچستان کے پرنٹ میڈیا کو درپیش مسائل جن میں موجودہ حکومت کی جانب سے پرنٹ میڈیا کو ختم کرنے کی کوشش اور اخبار مارکیٹ کے ٹھیکیداری پر تفصیلی بات چیت اور لائحہ عمل اختیار کرنے کیلئے تجاویز دی گئیں۔ اس موقع پر اجلاس کے شرکاء کا کہنا تھا کہ بلوچستان پہلے ہی پسماندگی کا شکار ہے یہاں پرائیویٹ سیکٹر بھی موجود نہیں ایسے حالات میں حکومت کی جانب سے سرکاری اشتہارات کو BPPRA کو منتقل کرنے کی کوشش صوبے کی واحد صنعت کو تباہ کر دے گی کیونکہ بلوچستان سے شائع ہونے والے اخبارات اور جرائد سرکاری اشتہارات پر ہی انحصار کرتے ہیں، ایسے فیصلوں کے باعث اخباراتی ادارے، جرائد، رسائل، ادارے، اخبار مارکیٹ اور پرنٹنگ پریس سمیت تمام شعبہ جات بند ہو جائیں گے۔ شرکاء کا مزید کہنا تھا کہ حکومت کی جانب سے ایسے کسی فیصلے کو قبول نہیں کیا جائے گا جس سے یہاں کے پڑھے لکھے نوجوان متاثر ہوں۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 6

Dated: 01 MAY 2025 Page No. 20

## صوبائی کابینہ کے اہم فیصلے: مستحکم اور خوشحال بلوچستان کی بنیاد

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت گزشتہ روز صوبائی کابینہ کے منعقدہ اجلاس میں مختلف شعبوں سے متعلق اہم فیصلے ہوئے ہیں اور وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے بلوچستان کابینہ کے اہم فیصلوں کو مستحکم اور خوشحال بلوچستان کی بنیاد قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ بلوچستان حکومت عوامی مسائل کے حل اور صوبے کی تعمیر وترقی واستحکام کے لئے پوری طرح کوشاں ہے اور اس حوالے سے کوئی دقیقہ فروگزاشت نہیں کیا جائے گا وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے پہلگام واقعے کے بعد بھارتی اشتعال انگیز بیانات اور اقدامات پر خصوصی تشویش کا اظہار کیا ہے اور اسے پورے خطے کے امن واستحکام کے لئے سنگین خطرہ قرار دے دیا ہے حقیقت بھی یہی ہے پہلگام کے فالس فلیگ آپریشن کے بعد بھارت بوکھلاہٹ کا شکار ہو چکا ہے نہ صرف اشتعال انگیز بیانات دے رہا ہے بلکہ اشتعال انگیز اقدامات بھی اٹھا رہا ہے جس پر عالمی برادری کی خاموشی حیرت انگیز اور بہت بڑا لمحہ فکریہ ہے بھارت پر پاکستان پر جنگ مسلط کرنا چاہتا ہے اور ابھی جب یہ سطور زیر قلم آ رہی ہیں اطلاعات ہیں بھارتی رافیل طیاروں نے مقبوضہ کشمیر میں پٹرولنگ کی تاہم پاک فضائیہ کے بروقت جواب نے انہیں واپس جانے پر مجبور کر دیا بھارت ہمیشہ سے خطے کا امن واستحکام اور سلامتی کا دشمن رہا ہے وہ اپنی جنونیت پر مبنی پالیسیوں اور یکطرفہ اقدامات سے اس پورے خطے کو آگ اور خون میں نہلانا چاہتا ہے بھارتی مہم جوئی کا پاکستان موثر جواب دیتا آیا ہے گزشتہ روز پاکستان نے ایک بار پر ناقابل تردید ثبوت اور شواہد بھی پیش کئے ہیں جن سے یہ بات سو فیصد ثابت ہوتی ہے کہ بھارت دہشت گرد ملک ہے اور وہ دہشت گردی کا ارتکاب کر کے پاکستان کو غیر مستحکم کرنا چاہتا ہے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے گزشتہ روز کابینہ کے اجلاس کے موقع پر بھارتی اشتعال انگیزی کا ذکر کیا اس پر تشویش کا اظہار کیا اور بھارتی اقدامات کو خطے کے امن کے لئے سنگین خطرہ قرار دیا۔ وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت صوبائی کابینہ کے اجلاس میں پہلگام واقعے کے بعد پاکستان پر لگائے گئے بے بنیاد الزامات اور بھارتی جارحیت کی مذمت کرتے ہوئے اس امر پر افسوس کا اظہار کیا گیا کہ پاکستان کی جانب سے شفاف تحقیقات کی پیشکش کے باوجود بھارت نے اشتعال انگیزی کو ہوا دی جو خطے کے امن کے لئے سنگین خطرہ ہے۔ وزیراعلیٰ نے اس موقع پر واضح کیا کہ پاکستان کے عوام اپنی مسلح افواج کے شانہ بشانہ کھڑے ہیں اور اگر دشمن نے جنگ مسلط کرنے کی کوشش کی تو پوری قوم مادر وطن کے دفاع کے لئے یکجہتی کے ساتھ صف آرا ہو گی۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے عوام ہمیشہ سے حب الوطنی میں پیش پیش رہے اور اپنی فوج و ریاستی اداروں کے ساتھ مضبوطی سے کھڑے ہیں۔ امر واقعی بھی یہی ہے کہ بلوچستان کا بچہ بچہ دفاع وطن میں اپنی افواج کے ساتھ کھڑا ہے ایک ایسے وقت میں جب بھارت کی جنونیت، سفاکیت اور دہشت و وحشت اور بربریت پر مبنی اعاقبت اندیش پالیسیاں اور اقدامات اس پورے خطے کو بھسم کرنا چاہتی ہے عالمی برادری کو چاہئے کہ وہ آگے بڑھ کر بھارت کا ہاتھ روکے۔ دہشت گردی اور دیگر تمام چیلنجز سے نمٹنے کے لئے بلوچستان کابینہ کا عزم مستحسن اور قابل ستائش ہے آب آتے ہیں کابینہ اجلاس کے اہم فیصلوں کی جانب اجلاس میں صحت، تعلیم، سماجی بہبود، لوکل گورنمنٹ سمیت دیگر شعبوں اور محکموں سے متعلق اہم فیصلے ہوئے ہیں کابینہ اجلاس میں متعدد اہم قانونی وانتظامی امور کی بھی منظوری دی گئی، ان میں اوورسیز پاکستانیوں کی جائیدادوں کے تحفظ اور تنازعات کے حل کے لئے دی بلوچستان اسٹیبلشمنٹ آف اسپیشل کورٹ اوورسیز پاکستانیز پراپرٹی ایکٹ کی منظوری بھی شامل ہے۔ اس کے علاوہ دہشت گردی اور سنگین جرائم کی روک تھام جامع تفتیش اور لاپتہ افراد کے مسئلے سے موثر انداز میں نمٹنے کے لئے آف ایکسیلنس آن دی کاؤنٹرنگ وائلنٹ ایکسٹریمزم کے قیام کی بھی منظوری دی گئی، کابینہ نے بلوچستان اسول سرونٹس اینڈ ایمپلائز بینیفٹ اینڈ ڈیتھ ترمیمی پالیسی کی منظوری دی تاکہ سرکاری ملازمین اور ان کے خاندانوں کو ممکنہ ریلیف فراہم کیا جا سکے، اسی طرح کابینہ نے دی بلوچستان اینٹی ٹیررازم ترمیمی بل کی منظوری دی تاکہ انسداد دہشت گردی کے قوانین کو مزید موثر بنایا جا سکے۔ اجلاس میں نیشنل فوڈ سیفٹی، اینیمل اینڈ پلانٹ ہیلتھ ریگولیٹری اتھارٹی اور اس سے متعلقہ امور کی منظوری دی گئی جبکہ بلوچستان لیبر رولز کی توثیق کرتے ہوئے جبری مشقت کے خاتمے اور ہوم بیسڈ ورکرز کے تحفظ کے لئے جامع ضوابط وضع کئے گئے اجلاس میں صحت کے شعبے میں بہتری کے لئے فارماسسٹس اور ڈرگ انسپکٹرز کے لئے فورٹیئر ز سروس اسٹرکچر کی منظوری دی گئی جو پیشہ ورانہ ترقی کی جانب ایک اہم قدم ثابت ہو گی، اسی طرح بلوچستان لوکل کاؤنسلز اسٹریٹ رولز اور وزیراعلیٰ کی جانب سے اعلان کردہ ترقیاتی منصوبوں کی باقاعدہ منظوری بھی دی گئی۔ کابینہ نے سرکاری محکموں میں گریڈ ایک سے پندرہ تک کی خالی اسامیوں کو مشتہر کر کے شفاف اور میرٹ پر بھرتی کا فیصلہ بھی کیا دیگر بھی اہم فیصلے ہوئے ایک اہم فیصلہ گندم کی خریداری سے متعلق تھا۔ کابینہ نے فیصلہ کیا کہ محکمہ خوراک موجودہ گندم کے ذخیرے کو خراب ہونے سے قبل اوپن مارکیٹ میں فروخت کرے اس مقصد کے لئے سیکرٹری خوراک کی سربراہی میں ایک بڈ ایلیسپٹنس کمیٹی بھی تشکیل دی گئی جو مارکیٹ کے رجحانات کو مدنظر رکھتے ہوئے گندم کی قیمت کا تعین کرے گی۔ کابینہ نے واضح کیا کہ گندم کی فروخت محکمہ خوراک کی سفارش کردہ کم از کم قیمت کے دائرے میں ہونی چاہئے جبکہ اکثریتی رائے سے اس سال نئی گندم نہ خریدنے کا فیصلہ بھی کیا گیا کابینہ کے اجلاس کے موقع پر وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کا اظہار خیال کرتے ہوئے کہنا تھا کہ حکومت صوبے کے دیرینہ مسائل کے حل کے لئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے گی کوئی دقیقہ فروگزاشت نہیں کرے گی وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے بلوچستان کابینہ کے فیصلوں سے متعلق اس رائے کا اظہار کیا کہ یہ ایک نئے، مستحکم اور خوشحال بلوچستان کی بنیاد بنیں گے جہاں انصاف میرٹ شفافیت اور قانون کی حکمرانی کو اولین حیثیت حاصل ہو گی بلوچستان کے مسائل پر گہری نگاہ رکھنے والے تمام حلقوں کا اس بات پر اجماع ہے کہ بلوچستان کو ترقی وخوشحالی کی منزل تک لے کر جانے کے لئے اچھی طرز حکمرانی اور شفافیت امر لازم ہے اور یہ بات قابل ستائش ہے کہ وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی کی قیادت میں موجودہ حکومت نے صوبے میں اچھی، شفاف اور عوام دوست طرز حکمرانی کو فروغ دینے کے لئے قلیل عرصے میں نمایاں کام کیا ہے اور قوی امید ہے کہ ان اقدامات کا تسلسل برقرار رکھا جائے گا تاکہ صوبے کو ترقی واستحکام کی منزل تک پہنچاتے ہوئے یہاں کے عوام کی ترقی وخوشحالی کے اہداف کا حصول یقینی بنایا جا سکے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Bullet No. 6

Daily: INTEKHAB HUB

Dated: 01 MAY 2025

Page No. 21

# تیل بردار گاڑیاں، چلتی پھرتی موت کا سامان

نوشکی میں تیل بردار ٹرک میں آگ لگنے سے ڈرائیور جاں بحق جبکہ درجنوں افراد زخمی ہو گئے، حادثے کی وجہ ٹرک اڈے پر ٹینکی میں مرمت کا کام بتایا جا رہا ہے۔ ٹینکی کو ویلڈ کیا (جوڑا) جا رہا تھا کہ ٹینکی زوردار دھماکے سے پھٹ گئی۔ اس سے چند روز قبل بھی ایک تیل بردار ٹرک میں آگ لگنے سے 28 سے زائد افراد زخمی ہو گئے تھے۔

بلوچستان میں ایسے واقعات ہونا اب معمول کی بات بنا دیا گیا ہے، نہ تو حکومت اس حوالے سے کوئی اقدام کرتی نظر آتی ہے اور نہ ہی نجی شعبے کے کرتا دھرتاؤں کو انسانی جانوں کی کوئی پرواہ ہے، غریب عوام روزگار کے چکر میں اپنی زندگیاں ہار رہے ہیں، جو انتہائی افسوسناک اور قابل گرفت جرم ہے۔ حکومت کو اس حوالے سے فوری طور پر ایس او پیز بنا کر تیل کی اسمگلنگ یا قانونی طور پر ترسیلات کے حوالے سے کام کرنے والے ٹرانسپورٹرز اور ان سے منسلک ملازمین کو قانون پر عملدرآمد کا پابند کرنا چاہیے کیونکہ ویلڈنگ کرنے والے یا دیگر متعلقہ کام کرنے والوں کا اس شعبے سے کوئی تعلق نہیں ہے، وہ بے چارے تو بلاوجہ حادثات کا شکار ہو رہے ہیں۔ خاص طور پر ایسی گاڑیاں جن میں مسافر بھی بٹھائے جاتے ہیں وہ تو اور بھی زیادہ خطرناک ہیں، کیونکہ تیل میں آگ ایک دم بھڑک اٹھتی ہے اور انسانوں کو جان بچانے کا بھی موقع نہیں ملتا۔

ایک بڑا مسئلہ آگ بجھانے والے آلات کا نہ ہونا بھی ہے، جب بھی کوئی ایسا کام کیا جاتا ہے تو اگر اس گاڑی میں مناسب آلات ہوں تو آگ پر فوری قابو پایا جا سکتا ہے۔ اب تو ایسے زبردست آلات بن چکے ہیں اور پاکستان میں بھی دستیاب ہیں کہ ذرا سی حرارت (ہیٹ) ملنے پر فوری طور پر خود ہی اسے ٹھنڈا کرنے میں لگ جاتے ہیں۔ لہٰذا ایسے گاڑیاں جن میں کسی بھی قسم کا تیل لے جایا جاتا ہے ان میں ایسے آلات کا ہونا لازمی قرار دیا جائے اور اس حوالے سے ڈرائیورز اور گاڑی کے دیگر عملے کو ان آلات کو چلانے کی تربیت کو بھی یقینی بنایا جائے کیونکہ محض آلات ہونے سے کچھ نہیں ہوتا اس کا استعمال بھی آنا چاہیے، ساتھ ہی یہ بھی معلوم ہونا چاہیے کہ کس نوعیت کی آگ پر قابو پایا جا سکتا ہے اور کس نوعیت کی آگ کو بجھانے کے چکر میں اپنی زندگی داؤ پر نہیں لگانی چاہیے۔ بلکہ فوری طور پر فائر بریگیڈ یا دیگر متعلقہ اداروں کو مطلع کیا جانا چاہیے۔

حکومت تیل بردار گاڑیوں کی روک تھام اور ان میں آگ بجھانے والے آلات کی تنصیب کو یقینی بنانے کے لیے فوری طور پر اقدامات کرے، دوسری جانب ٹرانسپورٹر حضرات کو بھی اپنے بھائیوں کی جانوں سے کھیلنے سے گریز کرتے ہوئے ہر قسم کے تحفظ کو یقینی بنانا چاہیے اور جو ایسا نہیں کرتا، اس پر ابتدائی طور پر جرمانہ کرنا چاہیے اور بار بار تنبیہ کے باوجود بداحتیاطی کرنے والے ٹرانسپورٹرز کی گاڑیوں کو ایک سال سے پانچ سال کے لیے ضبط کر لینا چاہیے تاکہ ٹرانسپورٹ مافیا انسانی جانوں کے ضیاع کے معاملے میں ہر قسم کی احتیاط کو ملحوظ رکھیں۔

CS CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 6

Daily: QUDRAT QUETTA

Dated: 01 MAY 2025

Page No. 22

# پاکستان پر لگائے گئے بے بنیاد الزامات کی مذمت کرتے ہیں

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت صوبائی کابینہ کا اہم اجلاس منگل کے روز چیف منسٹر سیکریٹریٹ کوئٹہ میں منعقد ہوا۔ کابینہ اجلاس کے آغاز میں بھارتی ریاست پہلگام میں پیش آنے والے واقعے کے بعد پاکستان پر لگائے گئے بے بنیاد الزامات اور بھارتی جارحیت کی شدید مذمت کرتے ہوئے اس امر پر افسوس کا اظہار کیا گیا کہ پاکستان کی جانب سے شفاف تحقیقات کی پیشکش کے باوجود بھارت نے اشتعال انگیزی کو ہوا دی جو خطے کے امن کے لیے سنگین خطرہ ہے وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے اس موقع پر واضح کیا کہ پاکستان کے عوام اپنی مسلح افواج کے شانہ بشانہ کھڑے ہیں اور اگر دشمن نے جنگ مسلط کرنے کی کوشش کی تو پوری قوم مادر وطن کے دفاع کے لیے یکجہتی کے ساتھ صف آرا ہوگی انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے عوام ہمیشہ سے حب الوطنی میں پیش پیش رہے ہیں اور اپنی فوج و ریاستی اداروں کے ساتھ مضبوطی سے کھڑے ہیں اجلاس میں سانحہ نوشکی پر گہرے رنج و غم کا اظہار کرتے ہوئے متاثرہ خاندانوں سے دلی ہمدردی کا اظہار کیا گیا وزیراعلیٰ نے کابینہ کو آگاہ کیا کہ حادثے کے فوری بعد ریسکیو و امدادی کارروائیاں شروع کر دی گئی تھیں جن میں ہیلی کاپٹر اور ایمبولینسز کے ذریعے زخمیوں کو فوری طور پر کوئٹہ منتقل کیا گیا جن میں شدید زخمیوں کو آج صبح خصوصی طیارے کے ذریعے کراچی روانہ کیا گیا ہے وزیراعلیٰ نے محکمہ صحت کے عملے، ڈاکٹرز، پیرامیڈیکل اسٹاف، وزیر صحت اور سیکریٹری ہیلتھ کی بروقت اور مثالی کارکردگی کو سراہتے ہوئے کہا کہ اس واقعہ پر محکمہ صحت نے قابل ذکر کارکردگی کا مظاہرہ کیا کابینہ نے اس سانحے کے پس منظر میں صوبے میں جاری اسمگلنگ کے رجحان پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ غیر قانونی پیٹرول، ڈیزل اور دیگر اشیاء کی اسمگلنگ ایک سنگین مسئلہ ہے جس کی روک تھام کے لیے فوری اور موثر اقدامات ناگزیر ہو چکے ہیں اجلاس میں اس واقعہ کی جامع تحقیقات کا حکم بھی دیا گیا تاکہ ذمہ دار عناصر کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جاسکے کابینہ اجلاس میں متعدد اہم قانونی و انتظامی امور کی بھی منظوری دی گئی ان میں اوورسیز پاکستانیوں کی جائیدادوں کے تحفظ اور تنازعات کے حل کے لیے "دی بلوچستان اسٹیبلشمنٹ آف اسپیشل کورٹ اوورسیز پاکستانیز پراپرٹی ایکٹ "2025 کی منظوری شامل ہے اس کے علاوہ دہشت گردی اور سنگین جرائم کی روک تھام، جامع تفتیش اور لاپتہ افراد کے مسئلے سے موثر انداز میں نمٹنے کے لیے "سینٹر آف ایکسیلنس آن دی کاؤنٹرنگ وائلنٹ ایکسٹریمزم" کے قیام کی بھی منظوری دی گئی کابینہ نے "بلوچستان سول سرونٹس اینڈ ایمپلائز بینیفٹ اینڈ ڈیتھ ترمیمی پالیسی "2020 کی منظوری دی تاکہ سرکاری ملازمین اور ان کے خاندانوں کو ممکنہ ریلیف فراہم جا سکیں اسی طرح کابینہ نے "دی بلوچستان انٹی ٹیررازم ترمیمی بل "2025 کی منظوری دی تاکہ انسداد دہشت گردی کے قوانین کو مزید موثر بنایا جاسکے اجلاس میں "نیشنل فوڈ سیفٹی، اینیمل اینڈ پلانٹ ہیلتھ ریگولیٹری اتھارٹی" اور اس سے متعلقہ امور کی منظوری دی گئی جبکہ "بلوچستان لیبر رولز" کی توثیق کرتے ہوئے جبری مشقت کے خاتمے اور ہوم بیسڈ ورکرز کے تحفظ کے لیے جامع ضوابط وضع کیے گئے کابینہ نے "افراد باہم معذوران سے متعلق رولز "2024 کی منظوری دیتے ہوئے معذور افراد کے لیے خصوصی اقدامات کی راہ ہموار کی اسی تسلسل میں "محکمہ ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن کے موٹر وہیکلز رولز "1969 میں ترامیم کی بھی منظوری دی گئی، تاکہ موجودہ دور کے تقاضوں کے مطابق قانون میں بہتری لائی جا سکے اجلاس میں صحت کے شعبے میں بہتری کے لیے "فارماسسٹس اور ڈرگ انسپکٹرز" کے لیے فور ٹیئرز سروس اسٹرکچر کی منظوری دی گئی جو پیشہ ورانہ ترقی کی جانب ایک اہم قدم ثابت ہوگی اسی طرح "بلوچستان لوکل کاؤنسلز اسٹریٹ رولز "2025 اور وزیراعلیٰ کی جانب سے اعلان کردہ ترقیاتی منصوبوں کی باقاعدہ منظوری بھی دی گئی کابینہ نے سرکاری محکموں میں گریڈ 1 سے 15 تک کی خالی آسامیوں کو مشتہر کر کے شفاف اور میرٹ پر بھرتی کا فیصلہ بھی کیا موجودہ گندم کے ذخیرے کو خراب ہونے سے قبل اوپن مارکیٹ میں فروخت کیا جائے۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily Balochistan News Quetta

Bullet No. 6

Dated: 01 MAY 2025 Page No. 23

# ٹیچنگ ہسپتال تربت ضلع کیچ میں طبی سہولیات کا مرکز

تحریر چاکر بلوچ

ضلع کیچ جو آبادی کے لحاظ سے بلوچستان کا دوسرا بڑا ضلع ہے اور مکران ڈویژن کا ہیڈ کوارٹر بھی ہے۔ یہ نا صرف مکران ڈویژن کے دیگر دو اضلاع پنجگور گوادر کے قریب واقع ہے بلکہ مخصوص جیوگرافیکل محل وقوع کی وجہ سے اس ضلع میں آواران اور خضدار سمیت بلوچستان کے دیگر علاقوں سے بھی بڑی تعداد میں لوگ مختلف کاروباری سرگرمیوں اور علاج معالجے کیلئے آتے ہیں۔ ضلع کیچ میں ٹیچنگ ہسپتال تربت مکران ڈویژن کا سب سے بڑا طبی مرکز ہے اور ہمسایہ ملک ایران کے قریب واقع ہے جس کی وجہ سے ایران سے بھی کافی تعداد میں مریض بیماریوں کے علاج کے لیے ٹیچنگ ہسپتال تربت کا رخ کرتے ہیں۔ مختلف امراض کے ماہرین ڈاکٹروں کی خدمات: مکران کے ضلع کیچ کے ہیڈ کوارٹر تربت میں واقع ٹیچنگ ہسپتال تربت کا شمار بلوچستان کے اہم ترین اور قدیم ترین ہسپتالوں میں ہوتا ہے۔ اس ہسپتال کی سب سے بڑی خاصیت یہ ہے کہ یہاں پر 70 سے زائد ڈاکٹروں پر مشتمل ماہرین اپنی ڈیوٹیاں احسن طریقے سر انجام دیتے ہیں اور روزانہ ہزاروں بیماروں کا مفت علاج کرتے ہیں، ٹیچنگ ہسپتال تربت کے مختلف شعبوں کے ماہرین ڈاکٹر صاحبان ضلع کیچ میں اپنے شعبے کے انتہائی تجربہ کار معالجین میں شمار کیے جاتے ہیں۔ - او پی ڈی: ٹیچنگ ہسپتال تربت میں روزانہ ضلع کیچ، گوادر اور پنجگور سمیت مختلف علاقوں سے آنے والے تقریباً ڈھائی ہزار 2500 کے قریب مریضوں کو مختلف شعبہ جات میں او پی ڈی کے ذریعے بروقت علاج کی بہترین سہولیات فراہم کی جاتی ہے۔ تشخیصی شعبہ جات: ٹیچنگ ہسپتال تربت میں مختلف بیماری کی تشخیص کے لیے لیبارٹری میں مختلف قسم کے ٹیسٹ کی سہولیات دستیاب ہیں جس میں ملیریا، ڈینگی، ٹی بی، ٹائفائیڈ اور کرونا سمیت دیگر بیماریوں کی تشخیص کی جاتی ہے۔ ریڈیالوجی ڈیپارٹمنٹ: ٹیچنگ ہسپتال تربت کے ریڈیالوجی ڈیپارٹمنٹ میں حادثے کا شکار ہونے والے مریضوں کی ب ایکسرے کی سہولیات دستیاب ہیں تاکہ کسی ایکسیڈنٹ کی صورت میں مریض کے جسم کے فریکچر ہونے والے ہڈیوں کی صحیح طریقے سے تخصیص کی جاسکے۔ شعبہ ریڈیالوجی میں ایکسرے مشینوں کے علاوہ سی ٹی اسکین اور ایم آر آئی کی بھی سہولیات موجود ہیں تاکہ مریضوں کے جسمانی علاج کے علاوہ ان کی ذہنی بیماریوں کی جدید مشینوں کے ذریعے تشخیص کی جاسکے۔ شعبہ ایمرجنسی: ایمرجنسی کا شعبہ 24 گھنٹوں میں فعال ہے جہاں روزانہ کی بنیاد پر مختلف بیماروں اور حادثات سے متاثرہ افراد کو ایمرجنسی بنیادوں پر طبی سہولیات فراہم کی جاتی ہے اور بروقت انہیں علاج ومعالجہ کی سہولیات فراہم کی جاتی ہے، روزانہ کی بنیاد پر سڑک حادثات ہوں یا دیگر واقعات سے متاثرہ افراد ان تمام لوگوں کو بروقت طبی مدد فراہم کی جاتی ہے۔ شعبہ ایمرجنسی ہسپتال کے فعال ترین شعبوں میں شامل ہے جہاں پر تجربہ کار ڈاکٹر عوام کو فوری اور بروقت طبی سہولیات فراہم کی جاتی ہے۔ دیگر شعبہ جات: ٹیچنگ ہسپتال تربت میں طبی سہولیات کی فراہمی کیلئے مختلف شعبہ جات اور وارڈ بھی قائم کیے گئے ہیں، جن میں سرجیکل وارڈ، میڈیکل وارڈ، زچہ و بچہ وارڈ، شعبہ حادثات، سمیت دیگر کئی شعبہ جات شامل ہیں جہاں پر مریضوں کو داخل کر کے علاج فراہم کیا جاتا ہے

CLIPPING SERVICE
DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN
نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان
Daily: Balochistan Time Quetta
Bullet No. 6
Dated: 01 MAY 2025 Page No. 24

# Tragic Noushki inferno

The charred remains in Noushki stand as a grim testament to a tragedy that could have been mitigated. The fiery explosion of an oil tanker, claiming precious lives and leaving scores with horrific burn injuries, serves as a stark and painful lesson for Balochistan and beyond. The details of the incident, a leaking fuel truck carrying Iranian petrol, a desperate attempt to move it to safety, and the catastrophic ignition during welding paint a picture of vulnerability and a dire need for systemic improvements.

The immediate aftermath of the blast exposed critical shortcomings in the district's emergency response capabilities. The district hospital's lack of a dedicated burns ward and necessary equipment meant that severely injured individuals faced agonizing delays in receiving specialized care. While the Chief Minister's swift action in dispatching helicopter for airlifting the critically injured to Quetta, and subsequently to Karachi, is commendable and undoubtedly saved lives, it also underscores the inadequacy of local healthcare infrastructure to handle such emergencies. Relying on distant facilities during the golden hour can be a matter of life and death.

This tragedy must serve as a powerful medium for change. Firstly, a comprehensive review of safety protocols concerning the transportation and handling of flammable materials is urgently required. The presence of such a large quantity of fuel in a public area, even temporarily, highlights potential risks that need to be rigorously addressed through stricter regulations and enforcement.

Secondly, the incident throws a harsh light on the woeful state of emergency services in many districts. The fire brigade, a crucial first responder in such situations, reportedly suffered damage and injuries, indicating a potential lack of adequate training and equipment to handle large-scale industrial fires. Investing in robust training programs that equip firefighters with the specialized skills and gear needed to tackle such infernos is paramount. Furthermore, ensuring that every district is equipped with a functional and well-maintained fire tender is not a luxury but a necessity.

Beyond the emergency responders, public awareness plays a vital role in preventing similar tragedies. The tendency of onlookers to gather at the scene of an accident, especially one involving fire, puts countless lives at unnecessary risk. The loss of life and the suffering endured in Noushki should not be in vain. This tragic event demands a multi-pronged response, encompassing stricter safety regulations, enhanced emergency response capabilities, increased public awareness, and a significant investment in strengthening healthcare infrastructure at the grassroots level. The lessons learned from this inferno must ignite a commitment to building a more resilient and prepared future.

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: QUDRAT QUETTA

Bullet No. 6

Dated: 01 MAY 2025 Page No. 25

# بلوچستان کی معدنی دولت: وعدہ اور خطرہ

تحریر: قیصر نواب

بیج اوزار، شراکت داریوں اور کمیونٹی کی شمولیت کے ذریعے بلوچستان کی معدنی دولت تنازعہ کا باعث بننے کی بجائے خوشحالی کی علامت بن سکتی ہے۔

وسیع پیمانے پر تانبے، سونے، کرومائٹ اور نایاب معدنیات کے ذخائر سے مالا مال، بلوچستان پاکستان کی کان کنی کی ایک تہائی صلاحیت کا حامل ہے۔ اس کے باوجود بہت سی کمیونٹیز غربت کا شکار ہیں اور ان کی زندگیوں پر سالانہ 3 ارب ڈالر کے قومی کان کنی جی ڈی پی میں اس خطے کے حصہ کا کوئی اثر نہیں پڑا۔

چاغی اور خضدار جیسے وسائل سے بھرپور علاقوں میں غیر قانونی کان کنی کا زور ہے، جہاں 60× تانبا غیر قانونی ذرائع سے نکالا جاتا ہے (2024 کے اعداد و شمار)۔ یہ غیر رسمی معیشت مجرمانہ نیٹ ورکس کو فروغ دیتی ہے، مزدوروں (بشمول بچوں) کی زندگیوں کو خطرے میں ڈالتی ہے، اور قبائلی تنازعات کو بڑھاتی ہے۔ 2023 کی لسبیلہ جھڑپیں، جن میں ہزاروں

لوگ بے گھر ہوئے، ظاہر کرتی ہیں کہ غیر منظم وسائل کا استحصال کس طرح کمیونٹیز کو غیر مستحکم کر سکتا ہے۔ شفاف حکمرانی کے بغیر معدنی دولت تفرقہ ڈالنے کا باعث بن سکتی ہے بجائے اتحاد پیدا کرنے کے۔

ترقی کی راہیں: جدت، شمولیت اور سرمایہ کاری

زنفران گیس فیلڈ منصوبہ تبدیلی کے لیے ایک نمونہ پیش کرتا ہے۔ اپنی سالانہ آمدنی کا 5× مقامی تعلیم، صحت اور بنیادی ڈھانچے میں دوبارہ سرمایہ کاری کر کے اس منصوبے نے دو سال میں تنازعات میں 70× کی لائی اور کمیونٹی کے اعتماد کو فروغ دیا۔ اس طرح کے ماڈل ثابت کرتے ہیں کہ منصفانہ منافع کی تقسیم وسائل کو امن کے اوزار میں تبدیل کر سکتی ہے۔

ٹیکنالوجی ان کوششوں کو مزید بڑھاتی ہے۔ پائلٹ منصوبوں میں ڈرونز کان کے مقامات کی نگرانی کرتے ہیں، جبکہ بلاک چین کے حل کان سے بازار تک معدنیات کا سراغ لگاتے ہیں، اسمگلنگ کو روکتے ہیں۔ لائسنس کو ڈیجیٹائز کرنا، ماحولیاتی جائزوں کے لیے مصنوعی ذہانت (AI) کا استعمال اور مقامی ٹیکنیکل انسٹیٹیوٹس کا قیام اس شعبے کو جدید بنا سکتا ہے اور نوجوانوں کو بااختیار بنا سکتا ہے۔ خواتین کو کان کنی کے شعبوں میں شامل کرنا، چاہے جیولوجی ہو یا کمپلائنس، یقینی بناتا ہے کہ ترقی شمولیتی اور پائیدار ہو۔

اجتماعی مستقبل کی طرف

بلوچستان کی ترقی اتحاد کا تقاضا کرتی ہے۔ صوبائی حکام، کان کنی کی کمپنیاں، کمیونٹی لیڈرز اور عالمی شراکت داروں کو اقتصادی، ماحولیاتی

اور سماجی ترجیحات کو متوازن کرنا ہوگا۔ پبلک-پرائیویٹ پارٹنرشپس اور کمیونٹی بینیفٹ معاہدے بلوچستان کو پاکستان کی ترقی کی مشعل راہ بنا سکتے ہیں، تاکہ فائدے ہر گھر تک پہنچیں۔

یہاں کان کنی صرف ایک صنعت نہیں، بلکہ منصفانہ حکمرانی کا ایک امتحان ہے۔ شفافیت اور شمولیت کو مرکز میں رکھ کر بلوچستان اپنی زیر زمین دولت کو تاریخی دراڑوں کو بھرنے کا ذریعہ بنا سکتا ہے۔ تنازعہ سے تعاون کی طرف تبدیلی ممکن ہی نہیں، بلکہ عمل پذیر ہو رہی ہے۔ ہم سب مل کر ایک کامیاب مستقبل کی داستان لکھ سکتے ہیں۔

مصنف کے بارے میں:

قیصر نواب ایک عالمی ترقیاتی ماہر، بی آر آئی ایس ڈی کے چیئرمین اور سمٹی سوسائٹی انٹرنیشنل کے بانی ہیں۔ وہ شمولیتی پالیسی حل، نوجوانوں کو بااختیار بنانے، اور پائیدار ترقی پر کام کرتے ہیں۔ ان سے رابطہ کیا جا سکتا ہے۔